فہرست بعض مضامین تحفۃ الاخوان

۴	علم سیکھنا سکھانا بہ نیت خیر	″	مسئلہ بضرورت پوچھنا	۵	فساد اور تعصب کی شکایت
۶	کتنا و بالاتفاق —	″	مذہب سے نکلنا	۸	مفسدہ اور محبت
″	جہل ہے مسائل اختلافی کہ ہر مسئلہ میں	۹	مخالف مذہب کو مخطی جاننا بدمذہب	″	گذارش خدمت علماء
۱۰	حکایات بعض علماء ربانی	۱۱	حال شرف اور بال کے	″	لاعلمی کا اقرار کرنا
۱۲	مناظرہ کے آفات	۱۳	عرض خدمت علماء —	″	مسئلہ جائز یا لازم ہونا تقلید کا
۱۴	حسب تقلید پر حدیث ظاہر ہو	۱۵	تقلید چاروں مذہب کے اور نسبت تقلید کے	۱۶	غلط فہمی لوگوں کے
″	لفظ غیر مقلد —	۱۷	جواب اقوال متعصبان بے علم	۱۸	محمدی کہلانا
″	صحیح ہونا قیاس کا —	۱۹	تقلید حضرت ابوحنیفہ رح	″	سبب اختلاف مسائل کا
۲۰	ضرورت تفرقہ کے	۲۳	حدیث قوی کا ضعیف ہوجانا	۲۴	مسئلہ تقلید معین و غیر معین
″	حال زمانہ صحابہ کبار رض	″	اصول کے کتابوں کی عبارتیں	۲۵	فرض اور وجوب میں فرق
۲۶	اجماع صحابہ رض	۲۸	حضرت ابوہریرہ رض کا مجتہد ہونا	″	غیر مجتہد کا مفتی قاضی ہونا
″	ایک مسئلہ میں دو مذہب پر عمل	۲۹	متاخرین کا اتفاق —	۳۰	عبارات کتب اصول در باب تقلید
۳۱	عوام کو حنفی یا شافعی کہلانا	″	قول مولانا اسماعیل و شیخ عبدالحق رح	۳۲	عوام کو فتوی کسی مذہب کا
″	حال تیسری اور چوتھی صدی کا	″	شروع ہونا تخریج کا	۳۳	منسوب ہونا بعض اہل حدیث کا مذہب
″	شروع ہونا نیچری القرآن کا —	″	غیر مجتہد کا فقیہ کہلانا	″	زبان اور اعتقاد میں مطابقت
″	ضعیف اور قوی کا عمل	″	مذہب معین ہونا بقول امام یا حدیث کے	۳۴	ہر مجتہد مصیب ہے
″	تقلید غیر معین پر اجماع	″	وجوہ وجوب تقلید مذہب معین کے	″	اجماع اور عمل وارد کا بیان
۳۵	قضا کرنا کسی کا جس مذہب پر چاہے	″	اجماع کا بیان —	۳۶	دلائل شرعی —
″	اعتقاد میں قیاس مفید نہیں	۳۷	صحابہ رض کا حال —	″	ایک کو حق تین کو ناحق ٹھیرانا
۳۸	مذہب بہت ہیں —	″	چاروں مصلوں کا بیان	۳۹	مذہب حنفی کا اچھا ہونا
۴۰	تلفیق کا بیان	۴۲	رخصتوں پر عمل کرنا —	۴۳	مصلحت کی رعایت
۴۴	افراط تعصب کے	۴۵	حضرت صلعم کی اہل عصر کو خوشخبری	۴۶	عوام الناس کو سمجھا دینا
۴۷	مفضول کی تقلید —	۴۸	دوسری مجتہد کو خطا پر جاننا	″	ضرورت تقلید کی ہے
″	فتوی مختلف میں کیا کرنا چاہیے	″	دل میں فتوی پوچھنا	″	فتوی پوچھنے کی طرز
۴۹	یوم ندعوا کل اناس بامامہم	۵۰	فضیلت اہل فارس کے	۵۱	دین کا سمٹ جانا طرف حجاز کی
۵۲	فضیلت حرمین شریفین کی	۵۳	اہل الذکر کے معنے	۵۴	کثرت مجتہدان در مذہب حنفی

59	اصول حضرت ابو حنیفہ رح و صاحبین	65	زمانہ خیر اور شر کا	″	حضرت امام مبارک سے عمر
60	مذہب خاص برای شخص خاص در زمان خاص	66	عمل علمائی بر مذہب مختلفہ	74	زبان اور دل کا مطابق ہونا
″	چاروں امام برحق ہیں یا ایک	″	ابن مجتہد قرآن کی طبیعت کی حجت ہے	75	طریقہ متقدمین اور متاخرین کا
″	اختلاف اقوال بالتصانیف	66	تصنیف مولانا اسماعیل شہید رح	76	عبارتیں کتب اصول کے
62	منسوب کرنا بعض مقلدین کا مذہب سے	″	مقید کرنا نفس کا	78	وجوہ حرام ہونے تقلید کی
64	مذہب میں صلابت	70	اپنا مذہب حق اور دوسرا خطا	″	انتقال مذہب سے
64	اختلافی مسئلہ میں فتوی دینا	75	تاکید عمل چار مذہب	″	انکار شافعی کا حنفی پر
67	کسی مجتہد کی تقلید پر انکار کرنا	77	مکلف ہونا	81	کسی امر کو واجب کہنا
″	امام کو مثل نبی کی جاننا	79	مناقب بخاری رحمۃ اللہ علیہ	80	ثبوت مذہب [illegible]
81	مشغول ہونا فقہ ابو حنیفہ سے	82	سبب عمل فقہ امام کا اور بدلنا مذہب کا	83	عبارت [illegible] تفسیر عزیزی
84	لفظ لا مذہبی	85	تقلید غیر معین کو خیانت کہنا	86	حضرت امام ابو حنیفہ رح کی مدح
86	مناقب صحابہ رض	90	حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت [illegible]		
″	حدود شرعی سے تجاوز کرنا	″	حسرت و ندامت	″	رجوع [illegible]
91	حضرت ع کو حکم ٹھہرانا	″	رفاقت انبیا ع در آخرت	92	دوستی کرنا مخالفان خدا سے
93	[illegible] کلمۃ اللہ کی زبان میں	″	سب امام حق میں برابر ہیں	″	فضیلت سلمان فارسی و اہل عجم
″	سیرت صحابہ رض پر عمل	94	حنفی شافعی ہونا	″	مذہب کی ترجیح
″	قول حضرت مرزا جانجاناں رح	″	سبب لازم کرنے تقلید معین کا	95	جواب کلی ہر قول جو تقلید معین کا
″	مسئلہ ایک مسئلہ پر عمل کر کے پھر اوسکے خلاف دوسری مجتہد کی قول پر عمل کرنا کے صورت پر				
97	مسئلہ مجتہد کو خطا پر ثواب ملنا	″	مسئلہ مجتہد کی خطا جاننا	″	مسئلہ [illegible]
100	قول ائمہ کے سند [illegible] حدیث	102	تشدد بعض حضرات [illegible]	104	[illegible]
105	عوام کو نہ سمجھنا فقہ نہ حدیث کے	106	قول مولوی اسماعیل صاحب و شاہ ولی اللہ صاحب	107	مکلف ہونا مقلد فقیہ کی قول کا
109	لازم ہونا تقلید کا مخصوص مسائل اجتہادی	″	محقق معنے قرآن و حدیث کے	110	مسئلہ عامی کو عمل کرنا حدیث پر
111	سب جا تحقیق عمل حدیث میں	″	ساری فقہ ابو حنیفہ رح کی قول نہیں	112	سات طبق فقہا کی اجتہاد [illegible]
113	مسئلہ غیبت جا حدیث پر عمل نکرنیکا	″	حدیث کی مقابلہ کسیکا قول لانا	114	مسئلہ [illegible]
115	بے تحقیق عمل کرنا	″	رفع یدین آمین جہر نکرنے کو تارک سنت کہنا	″	[illegible] مومنین کو کوشش کرنا
116	مقلد کے مقابلہ میں کسیکا قول لانا	117	سنت کا باقی	118	تفاوت ترک عمل حدیث کے

۱۴۴	دو قول پر عمل کرنا —	۱۴۵	سبب مخالفت حدیث کا	۱۴۶	مقلد یا مجتہد ہونا
//	تقلید اہل لغت و صرف وغیرہ	۱۴۸	طبیعت کی کراہیت سے اعتراض کرنا	۱۴۳	اعتراض کرنا مجتہد پر
۱۴۱	مانعین تحقیق اور تعصب اور ترک کرنا	۱۴۲	اجازت کسی کے واسطے عمل حدیث کی	۱۴۴	جھگڑا معقول
//	مولوی محمد اسحاق رح کا غصہ	۱۴۵	اجتہاد کو اپنا پہونچنا	۱۴۶	مذمت بعض احادیث کا حضرات مجتہدین کو
۱۴۹	حدیث پاکر خوش ہونا	۱۴۷	نماز منسوخ کا بیان	۱۴۴	سبب کثرت قیاس کا مذہب حنفی میں
//	پیشواؤں کا قول عمل حدیث پر	۱۴۱	سبب زیادتی علم بعض متاخرین کا	۱۴۴	معیار کی تقلید
۱۴۵	فساد و فضیلت کے رعایت	۱۴۷	عورتوں کا مسجدوں میں آنا	//	استخارہ اور مشورہ
۱۴۲	مسئلہ جائز مذہب کسو اور پر عمل کرنا	//	حضرات مجتہدین جدا جدا ہوئے ہیں	۱۴۹	اجماع بسیط و مرکب
//	حجت ہونا اجتہاد کا	۱۵۰	ترک مطالعہ کتب حدیث	۱۵۱	تقلید صحابہ رض
۱۵۲	مسئلہ	۱۵۳	مناقب حضرت ابو حنیفہ رض	۱۵۴	مسئلہ مناقب حضرات محدثین مجتہدین اور اولیاء کے
۱۵۶	زبان بند کرنا —	//	مسئلہ اختلاف مولوی نذیر حسین صاحب و مولوی قطب الدین خانصاحب مرحوم		
۱۵۷	اختلاف صحابہ و محبت باہم و مصالحت	۱۵۸	بغض للہ	//	موقع نرمی و سختی
//	خیر خواہی	//	بدگمانی اپنی نفس سے	//	جو گناہ کہ بغض سے پیدا ہوتے ہیں
۱۵۹	احادیث متعلقہ البر کی محبت اور مروت وغیرہ	۱۶۲	بغض کا محل	۱۶۳	مسائل اختلافی میں کیا کرنا چاہیے
۱۶۴	صحابہ رض و مجتہدین کا اختلاف اور محبت باہم	۱۶۵	اختلاف سے بچنا	۱۶۶	اختلاف صحابہ رض
۱۶۸	اختلاف مجتہدان در فرض و حرام و دیگر مسائل	۱۷۰	فرضیت نماز در نہایت مرض	//	بے نمازی کی سزا اور اوسکا مرتد ہونا
۱۷۲	بیان علماء ربانی —	۱۷۴	مسلمانوں کو چاہیے	۱۷۵	تارک سنت اور لامذہبی کا بیان
//	مذہب سے باہر ہو جانا —	//	بیان بعضی گناہان	۱۷۶	شکایت متعصبان
//	نصیحت —	۱۷۷	گذارش خدمت طرفین	۱۷۸	تقوی و اعمال صالح و نصائح مختلف
۱۷۹	جواب عذر نامعقول کا	۱۸۰	مذمت دنیا و معصیت	//	ساری کنبہ کا جنتی ہونا
۱۸۱	تعظیم ملائکہ و فضیلت حضرت سید المرسلین صلعم	//	عمل و فتوی و گواہی بے تحقیق	//	فارغ دل ہونا اور شیطان سے بچنا
۱۸۲	سمجھکر عمل کرنا اور قیامت کے ندامت اور نصائح مختلفہ			۱۸۳	ہوائی نفس کا بیان
۱۸۴	علم و معاملات و چند نصائح	۱۸۵	احادیث مشتمل حسن اسلام و محبت حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم		
	و صدقہ و تہجد و امانت و عہد و نشان منافق و عذاب قبر و دیگر نصائح			//	سنت و بدعت —
۱۸۶	نقل روایت و طلب صحیح و ہدایت و ضلالت	//	اکل حلال و ترک حرام و منع حضرت	//	عمل قرآن و تبلیغ رسالت وغیرہ
//	تین کام —	۱۸۷	حضرت پر جھوٹ باندھنے کے اقسام	//	آخری چار سنتیں وغیرہ —

۱۸۱	مروت و علم و حلم و پردہ پوشی	//	شرم چھپانا	۱۸۱	علم و مسائل تفسیر قرآن و علم احرف
//	وضو و مسواک و تصویر وغیرہ	۱۸۹	شراب و مسائل متعلقہ نماز	//	سایہ روز قیامت و درود شریف
۱۹	امام و مقتدی و قیام شب	//	نوافل و جمعہ وغیرہ	۱۹۱	تکلیف و مرض و مصیبت پر صبر و رضا و ثواب
۱۹۲	بیماری تکلیف و مسائل متعلقہ موت	۱۹۳	تعریف و مسافر و ہدیہ و سوال و توکل	۱۹۴	سخاوت و منت و اقسام صدقہ
۱۹۵	بعض مسائل صفات حق تعالیٰ	//	اقسام صدقہ	۱۹۶	روزہ و قرآن [illegible]
۱۹۷	دعا و ذکر اللہ	۱۹۸	توبہ و استغفار و دعا	۱۹۹	بیان حج وغیرہ و نامحرم و آداب بیع
۲۰	آداب بیع و ہبہ و مزدوری و ظلم وغیرہ	۲۰۱	حق زوجین و فخر و خلق و سوگ وغیرہ	//	سونے کا خیال چھوڑنا
//	اور کی نسل بنانا	۲۰	حقوق و قسم و نذر وغیرہ	۲۰۳	بعض نصائح و آداب سفر و اولیاء و جاندار
۲۰۴	ذبیحہ کو راحت دینا	//	کھانا پینے کے آداب و مہمانی وغیرہ	۲۰۵	آداب طعام و لباس و لوازم وغیرہ
//	غیب کی خبر پوچھنا	۲۰۶	خواب دیکھنا	//	سلام مصافحہ بیٹھنے سونے کے آداب
//	نام رکھنا اور شعر پڑھنا	۲۰۷	زبان کی آفات	۲۰۸	غیبت و فخر و قطع رحم و حقوق عام
۲۰۹	خوش معاملہ ہونا	۲۱۰	صبر و غصہ و کذب وغیرہ	//	مہلکات و منجیات مختلفہ
//	راضی کرنا حق تعالیٰ کا	۲۱۱	غنیمت جاننا پانچ چیز کا	//	مذمت دنیا و نصائح مختلفہ
۲۱۲	فضیلت فقر و مسکینی وغیرہ	۲۱۳	صبر رضا تقوی قناعت وغیرہ	۲۱۴	گناہ کو حقیر جاننا
//	قبر و قیامت و پل صراط بہشت وغیرہ	۲۱۵	دوزخ کا ذکر	۲۱۶	کسب کرنا اور فضیلت محسنین کی
//	مسائل متعلقہ نماز و نفقہ	۲۱۷	عمدہ اصول مذہب حنفی کا جس کا بیان	//	نہ واجب ہونا تقلید معین کا
//	غیر حق کا	۲۱۸	مسائل زیور و لباس و بیع	۲۱۹	زیور پہننا اور زینت دنیا کی چاہئے
	سونے کے لیے بولی کا خریدنا	//	ہنڈوی اجارہ فاسد	//	ادائی حق مہر و دیگر
۲۲۰	بعضے منکرات اور رسوم کا بیان	//	مسائل عورتوں نامحرم کے	//	دعوت فخر کے
۲۲۱	لونڈی غلام عرفی اور سوگ و رسم	//	گوشت خریدنا ہندو سے	۲۲۲	حرام اور ناپاک ہونا اس گوشت کا
۲۲۳	قبول کرنا قول اہل کا	۲۲	فتوی مکہ معظمہ کا	۲۲۴	اس گوشت کی کہانے والوں کے عذر کا جواب
۲۲۵	مسائل ضروری بیع کے	//	غیبت اور عیب جوئی	۲۲۶	بیان تجارت و بعضی منکرات اور حقوق مسلم کے
۲۲۷	اللہ تعالیٰ کے علم و قدرت کا بیان	//	مخلوق کے علم اور قدرت کا بیان	۲۳۰	رانڈوں کا نکاح
۲۳۰	رسموں کا بیان	۲۳۲	ملامت کا خوف	۲۳۴	رسم چھوڑ کر سنت کو اختیار کرنا
۲۳۶	تحقیق مسئلہ قراءت حرف ضاد معجمہ	۲۳۶	اجماع کا بیان	۲۳۷	حاصل مضمون کتب فقہ وغیرہ

سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ

تحفۃ الاخوان

دہلی مطبع فاروقی باہتمام محمد معظم صاحب طبع گردید

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی حِلْمِہٖ بَعْدَ عِلْمِہٖ وَعَلٰی عَفْوِہٖ بَعْدَ قُدْرَتِہٖ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ
عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اما بعد فقیر محمد صالح بعد گذارش
خدمت بہای مسلمانون کی کرتا ہی کہ یہہ رسالہ قلیل العبارت کثیر الفواید لائق مطالعہ کی
ہی لیکن بعضی صاحب ایسی رسالون کو نہین دیکھتی بسبب اسکی کہ بعضی رسالون مین بعضی
مضمون تعصب آمیز ہوتی ہین سو اس رسالہ کو انشاء اللہ تعالی تعصب سی خالی پاوینگی
اور چاہیی تو یون کہ جس رسالہ مین مضمون تعصب آمیز پاوین اوسکا بہی مطالعہ کرین اور
خذ ما صفا پر نظر فرماوین اور بعضی صاحب بسبب اسکی کہ کسی رسالہ مین کوئی مضمون
اپنی سمجہہ کی برخلاف پاتی ہین تو اوس سی نفرت کرتی ہین سو یہہ بات خود تعصب ہی
بلکہ چاہیی کہ بنظر تحقیق اور انصاف کی نظر فرماوین اور جو مضمون اپنا سمجہا ہوا برخلاف
دلیلون شرعی کی اور غلط معلوم ہوا وسکو ترک کرین اور بعضی صاحب بسبب اسکی کہ خود
اہل علم مین اپنی آپ کو حاجتمند دیکہنی ایسی رسالون کا نہین جانتی سو یہہ بات پسندیدہ نہین ہی
کیونکہ مصنف رسالہ کا حتی المقدور تلاش مسایل کی کتب دینی سی کرکی جمع کرتا ہی اور وہ
مسایل ہر عالم کو مستحضر نہین ہوتی اس رسالہ کی دیکہنی سی معلوم ہوتی ہین اب گذارش

یہہ ہی کہ جوان صالح شیخ عبد الحق نے چند مسایل بہ نیت خیر جناب مولوی سید محمد نذیر حسین
صاحب کی خدمت مین پیش کئی جناب مولانا صاحب مدظلہ نے اونکا جواب مختصر تحریر فرمایا
اس فقیر نے کتب فقہ اور اصول اور تفسیر اور حدیث وغیرہ کی عبارات محقق اور صحیح کی
ساتہہ تحریر مولانا صاحب کو مدلل اور مؤید کر دیا اور بعض عبارات کہ بہت طویل تہے
اوسکو مختصر کر کی لکہا ہی اور اصل عبارت مین اپنا تصرف نہین کیا اور مضمونکو فوت ہونے
نہین دیا اور نام رکہا اس رسالہ کا تحفۃ الاخوان امید کہ ناظرین بنظر انصاف و
تحقیق اول سی آخر تک اس رسالہ کو نظر فرماوین اور اس خیر خواہ دعاگو کو اور سایل
اور مجیب کو اور تمام مومنین اور مومنات کو دعای خیر سی یاد فرماوین آغاز سوال
بعد حمد و صلوٰۃ فقیر عبد الحق بزبان مقال و دیگر مسلمانان اطراف و جوانب بلسان حال
در خدمت سید العلماء سند الفقہاء حضرت مولانا سید نذیر حسین صاحب سلمہ اللہ تعالی
گذارش مینماید کہ درین زمان بسبب شرارت نفس و شیطان اختلافی عجیب و فساد و عناد
و بعض میان مسلمانان ہر دور و نزدیک افتادہ لہذا بصدق نیت و طلب فاہ سلین و صلاح
بین الناس چند مسایل بزبان ہندی بجناب عالی گذرانیدہ ام امید کہ جواب آن ارقام
فرمایند و مہر خود بران ثبت نمایند انشاء اللہ تعالی موجب بسیار فواید دین خواہد شد و غرض
این فقیر از استفسار این مسایل آنست کہ بکسی مجادلہ و مکابرہ نماید بلکہ محض برای
فائدہ مسلمانان استفسار کردہ شد و اجرکم علی اللہ انشاء اللہ تعالی انتہی ف جو مسئلہ
کثیر المنفعت اور کثیر الوقوع اور ضروری ہو اوسکا پوچہنا اپنی واسطی یا اوروں کی تعلیم کی
لئی بہ نیت خالص موجب ثواب عظیم ہی جیسا کہ حضرت جبریل ع نی واسطی تعلیم مسلمانون کی
حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سی پوچہا یا محمد اخبرنی عن الاسلام الحدیث اور جیسا کہ
حضرت معاذ رض نی عرض کیا یا رسول اللہ اخبرنی بعمل یدخلنی الجنۃ و یباعدنی من النار
الحدیث اور فرمایا حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نی واللہ فی عون العبد ما کان العبد

فی عون اخیه المسلم ومن سلك طریقا یلتمس فیه علما سهل الله له به
طریقا الی الجنة الحدیث كذا فی المشكوة فی باب العلم وایضا فیه ان الله
وملئكته واهل السموات والارض حتی النملة فی جحرها وحتی الحوت
لیصلون علی معلم الناس الخیر وایضا فیه نضر الله عبدا سمع مقالتی فحفظها
ووعاها واداها الحدیث. اور جس امر کی ضرورت نہو محض قیل وقال کیواسطے کسی
نیت فاسدہ جیسی کسیکی ذلیل کرنیکو یا اپنی فضیلت ظاہر کرنیکو یا عبث جھگڑا کرنیکو پوچھا جاوے
تو نہبت برا اور وبال ہے وقد نقل المناوی فی شرح الجامع الصغیر عن افاضل
الصحابة انهم اذا سئلوا عن شیء قالوا اوقع فان قیل نعم افتوا والا قالوا
دعه حتی یقع وقال الحافظ العسقلانی فی فتح الباری کره جماعة من
السلف السوال عما لا یقع لما یتضمن من التكلف والتنطع والرجم بالظن
من غیر ضرورة وفی شرح الاربعین للهیثمی قد بالغ قوم فقالوا لا یجوز
سوال العلماء فی نازلة الا بعد وقوعها وایضا فی شرح الجامع الصغیر
للمناوی التوسع فی البحث عما لا یقع وكثرة الخصومة والجدال فیه
حتی یتولد منه الاهواء والبغضاء ویقترن بذلك نیة العلو والمباهاة
قد ذمه العلماء ودلت السنة علی قبحه انتهی كذا فی الرسالة المدنیة
وقال النبی صلی الله علیه وآله وسلم من طلب العلم لیجاری به العلماء او
لیماری به السفهاء او یصرف به وجوه الناس الیه ادخله الله النار
كذا فی المشكوة فی كتاب العلم وایضا فیه من تعلم علما مما یبتغی به
وجه الله لا یتعلمه الا لیصیب به عرضا من الدنیا لم یجد عرف
الجنة یوم القیامة یعنی ریحها وایضا فیه عن معاویة قال ان النبی
صلی الله علیه وسلم نهی عن الاغلوطات انتهی اور اس بات سے اختلاف

اور فسادا ور عناد اور بغض اور مجادلہ اور مکابرہ اور مغالطہ کا یہہ حال ہی کہ
خاص فرقہ اہل سنت مین بعضی آپس مین ایکدوسری کی ساتہہ اتنی دشمنی رکہتی ہین کہ
کسی بد مذہب اور فاسق بلک کافر کی ساتہہ نہین رکہتی چنانچہ شیعہ لوگ شیطان اور
دجال اور ابولہب اور ابوجہل کی برا کہنی کیطرف اتنا متوجہ نہین ہین جیسا کہ حضرت
ابوبکر رض اور حضرت عمر رض وغیرہما کیطرف متوجہ ہین جیسا کہ فرمایا شیخ عطار رح نی
از زبانت بت پرستان رستہ اند ۔ وایکہ از تو صحابہ خستہ اند ۔ اور فرمایا سعدی
رح نی چنین گفت درویش صادق نفس ۔ ندیدم چنین بخت برگشتہ کس
کہ کافر بیکارش امین نشست ۔ مسلمان ز جور زبانش نرست ۔ ایساہی
اب بعضی اہل سنت کا حال ہی کہ دو گروہ مخالف کہ ایک محمدی اور دوسرا حنفی
مشہور رہی اور حقیقت مین دونو محمدی اور حنفی ہین کیونکہ جسنی مسایل مذہب حنفی
کو استعمال کیا تو اسی نیت سی کیا کہ یہہ مسایل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے
کلام پاک سی نکلی ہین تو وہ محمدی ہوا اور محمدی لوگ کہ صدہا مسایل اجتہادے
مذہب حنفی کی لیتی اور عمل کرتی ہین وہ حنفی ہی ہوئی سو کوئی محمدی ایسا متعصب
ہی کہ حنفیون کو بسبب تعصب تقلید اونکی کی کہتا ہی حنفی سکہہ اور حنفی مشرک اور
کوئی حنفی ایسا متعصب ہی کہ محمدیون کو کہتا ہی سرنگی اور لامذہب تو انکا لقب
ٹہرا ایساہی مولانا نذیر حسین صاحب مدظلہ نی نقل فرمایا کہ عظیم آباد کی طرف بعضے
جاہل کہتی ہین جنہی سا ہی سرک لاشک فیہ یعنی حنفی شافعی ہونا شرک ہی اسمین
کچہہ شک نہین ایک روز ایک شخص نی کہا کہ اب محمدی خالص بن جاو حنفیت
کو کوئین مین ڈالو اور کوئی فقہ کی کتابون کو برا کہتا ہی بعضی ایک فصل مشکوۃ
کی پڑہی نہین اور مجتہدون پر طعن کرتی ہین اور بعضی حنفی صاحبون کا یہہ حال ہی
کہ آپ صدہا کام خلاف طریقہ حضرت ابوحنیفہ رض کی کرین جیسا کہ نماز اور روزہ مین

سستی کرنا اور زکوۃ نہ دینا اور باوجود فرض ہونیکے حج کو نجانا یا موت شادیون
مین ناچ باجے آتش بازی ساچق بہاجی سہرا اور قبرون پر بدعات اور سونے اور
چاندی کے زیور اور ریشمی کپڑے مردون کو پہنے اور نمازون کا قضا کرنا اور ماتم
مین عورتونکا برس اور مہینے سوگ رکھنا اور نوحہ اور بیان کرنا وغیرہ ایسے امور
لیکن اگر کوئی شخص کہ اوسکے ظن مین رفع یدین اور آمین جہر کا سنت ہونا حدیث
سے ثابت ہو چکا بہ نیت ادای سنت اسپر عمل کرے اس عمل کو خلاف حنفیت سمجھکر
کہتے ہین کہ ہاتہون کو ہلاتا ہے جیسا کہ کتا دم کو ہلاتا ہے ایک شخص نے آمین پکار کر
کہے دوسرا بولا وہ کتا ہونکا اور بعضے طالب علم آمین جہر والون کو کوکے کہتے ہین اور
کوئی ایک نیا فرقہ ہے ہندون مین اور جو کوئی رسول اللہ صلعم کا فعل سمجھکر کبہی کبہے
رمضان شریف مین اٹہہ رکعت تراویح بقرأت طویل ادا کرے اوسکو گمراہ جانتے ہین
حالانکہ یہہ لوگ بموجب وصیت حضرت ابو حنیفہ رض کی بہی حنفیت سے خارج نہین ہوتے
اونکی خود وصیت ہے کہ جب حدیث صحیح پاؤ وہی میرا مذہب ہے اوسپر عمل کرو بلکہ
بموجب قول حضرت ابو حنیفہ کے جو کوئی حدیث صحیح پاوے اور اوسپر عمل نکرے وہ شخص
مذہب حنفی سے خارج ہوجاتا ہے چنانچہ بیان ہوگا انشاء اللہ تعالی اور اگر فرضا کسی
مسئلہ مین کوئی مذہب حنفی سے خارج بہی ہوا تو کیا حرج ہے دین اسلام اور مذہب
اہل سنت سے تو خارج نہین ہوا کسی فاسق فاجر بے نماز مانع زکوۃ شراب خوار زناکار
رشوت خوار ربا خوار گنجن شراب کش تعزیہ دار گور پرست بت پرست سے ایسے
دشمنی نہین جیسی حدیث پر عمل کرنیوالون سے ہے بلکہ کوئی متعصب اہل علم فتوا دیتا ہے
کہ ایسے شخصونکو بستیون والے اپنی مسجدون مین دخل نہ دین اور اونکا لحاظ نہین کہتا
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ الاية اور کوئی
لکہتا ہے کہ ایسے شخصون کی ضیافت نکرنا چاہیے اور نہین ڈرتا کہ مبادا اس آیت کریمہ

کا مصداق ہوا ومی کقولہ الذین یقولون لا تنفقوا علی من عند رسول
اللہ حتی ینفضوا الآیۃ اور بعضی سوای حنفی مذہب کی اور مذہبون کو نہایت
ہی قبیح جانتی ہین اور طرفین کی متعصبون کی یہانتک نوبت پہونچی کہ ایکدوسری کی
صورت سی بیزار السلام علیک اور مصافحہ ترک غیبت کا بازار گرم بغض وعناد شعار
جہگڑا ناحق مروج کہ ایسی امور بالاتفاق حرام ہین نہ حدیث مین جائز ہین اور حنفی
مذہب مین باک اختلافی مسائل کہ اکثر اختلاف مستحبات اور مکروہات مین ہی وہ پر
جہگڑتی اور لڑتی ہین اور ایک دوسری پر جہوٹی نالشین کرتی ہین ؎ حرص و
عداوت وحسد وکینہ وریا این جملہ شد حلال محبت حرام شد شیخ عبد الحق سائل
ان مسائل کی کہ اللہ تعالی ونکو جزای خیر دی مرد نیت بخیر اور معتدل المذہب
اور دونو گروہ کی خیرخواہ ہین اونکو دونو گروہ کی متعصب بدی سی یاد کرتی ہین
بعضے حنفی متعصب اونکو لامذہب کہتی ہین اور بعضی محمدی متعصب اونکو آدہا کوڑہی
کہتی ہین خیر بہرصورت اللہ جلشانہ کی رضامندی درکار ہی ؎ نیاساتی از
جانب ہیچ کس ٭ برو جانب حق نگہدار و بس چو راضی شد از بندہ یزدان
پاک گر اینان نگردند راضی چہ پاک اللہ تبارک وتعالی ہدایت کری ہم سب
کو کہ ایک دوسری سی دشمنی نرکہین اور بغض اور عداوت اور غیبت اور جہگڑا
ناحق وغیرہ کہ یہہ امور بالاتفاق حرام ہین انسی توبہ کرین اور اختلافی مسائل مین
جسکو جس عالم دیندار کی قول پر زیادہ اعتماد ہو اوسپر عمل کرین اور آپس مین محبت
اور پیار رکہین اور موت اور قبر اور قیامت کو یاد رکہین اور آپس ہین اتفاق کرکے
بڑی بڑی کام دینگی جیسی دفع شرک اور بدعت اور ادای نماز اور زکوۃ اور روزہ
رمضان اور حج اور حاجت روائی مساکین اور صاحب حاجات کی اور نکاح بیوگان او
ادای جمعہ وعیدین اور اصلاح بین الناس اور تعمیر مساجد ومدارس اور اشاعت

علوم دین وغیرہ امور خیر مین کوشش کرین اس مقام مین اگر کوئی صاحب
یون کہی کہ ہمکو دوسری شخص پر امر خلاف شریعت دیکہکر غصہ آجاتا ہی تو اوسکا جواب
یہ ہی کہ اوس دوسری شخص کو چاہیی کہ تم پر بہی ایسا ہی غصہ آوی یعنی جیسا کہ تم اوسکی
عمل کو خلاف شریعت جانتی ہو بسبب اسکی کہ تمہاری مذہب کی خلاف ہی اسیطرح
تمہارا عمل اوسکی مذہب کی خلاف ہی اور جب ایسا ہو تو خوب ہی جوتی چلی نعوذ باللہ
منہا اور جان لو کہ جو کوئی کسی عالم کی فتوی پر عمل کرتا ہی وہ خلاف شرع نہین ہی صحابہ
اور تابعین اور مجتہدین رضہ اور اونکی شاگردون اور مقلدون مین سیکڑون مسایل مین
اختلاف رہا ایک دوسری کو خلاف شریعت نہین جانتا تہا اور ایک دوسری پر غصہ نہین
ہوتا تہا میزان الشعرانی مین ہی صـ ۵۴ وقد وقع الاختلاف بین الصحابۃ فی الفروع
وہم خیر الامۃ وما بلغنا ان احدا منہم خاصم من قال بخلاف قولہ ولا عاداہ ولا نسبہ الی خطاء
ولا قصور نظر اور اوسی مین ہی صـ ۴۴ الجدال فی الشریعۃ من بقایا النفاق بلکہ
بعض اوقات کسی مسئلہ مین صحابہ کرام نی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زمانہ مین اختلاف کیا
اور حضرت اون پر غصہ نہین ہوئی بلکہ خوش رہی چنانچہ انشاء اللہ تعالی کچہہ اسکا بہی
بیان ہوگا بیچ تائید مسئلہ اور مسئلہ کے اور حضرت ابو حنیفہ رضہ کبہی اپنی شاگردون پر
غصہ نہین ہوئی کہ تم مسایل مین ہم سی اختلاف کیون کرتی ہو اب تبلایی کہ تم صاحب
اس غصہ مین عامل بالحدیث ہو یا مقلد حضرت ابو حنیفہ رضہ کی اور جاننا چاہیی کہ جتنی
مسائل اختلافی مین دونو گروہ کی متعصب بی تحقیق اور بلا تامل جہگڑتی لڑتی ہین اصل
اون سب کی کل تین مسئلی ہین ایک یہہ کہ جب مخالف مسئلہ فقہ کی حدیث صحیح یاد ہوے
کس پر عمل کری دوسرا یہہ کہ ہر مسئلہ مین تقلید معین ایک ہی مذہب کی واجب
ہی یا نہین تیسرا یہہ کہ سوای چار مذہب مشہورہ کی اور کی تقلید نہی جایز ہی
یا نہین سو ان تینون مسائل مین بڑی اکابر علمای اہل سنت بلکہ خاص حنفی مذہب کی

علما کو اختلاف ہی چنانچہ انشاء اللہ تعالیٰ اس رسالہ مین اسکا بیان ہوگا پہر جبکہ
ایک شخص کا عمل مطابق قول کسی عالم دیندار اہل سنت کی ہو اوسکو بدمذہب جاننا
اور اوس سی دشمنی رکہنا گویا حقیقت مین اوس عالم دیندار کو برا اور بدمذہب
جاننا ہی نعوذ باللہ منہا ہان بعد تحقیق تام حتی الوسع کی کسی عالم کی قول پر
گمان خطا کا رکہنا اور اوس قول کو قبول نکرنا یہ امر برا نہین ہی بدمذہب
جاننا اور چیز ہی اور ظن خطا کا رکہنا اور چیز حضرات صحابہؓ اور تابعینؒ اور
مجتہدینؒ بہت مسائل مین دوسری حضرات کو خطا پر جانتی تہی نہ بدمذہب اور
اوس سی دشمنی نہین رکہتی تہی جیسا کہ حضرت شافعیؒ نی باوجود مخالفت کی
صدہا مسائل مین حضرت ابوحنیفہؒ سی فرمایا کہ سب فقہا فقہ مین ابوحنیفہ کا کنبا
ہین اور فرمایا حضرت احمد حنبلؒ نی ما صلیت صلوٰۃ منذ اربعین سنۃ خلف
الشافعی الا وانا ادعو للشافعی کذا فی الاحیاء وکذا قال یحیی بن سعید اور یہ
حضرات ایکدوسری کی مقلدون کی اعمال کو صحیح جانتی تہی جیسا کہ علامہ شرنبلالی
حنفی نی نقل کیا سید بادشاہ شارح تحریر سی بیچ عقد فریدکی ان مالکا لم یقل ان
من قلد الشافعی فی عدم الصداق ان نکاحہ باطل ولم یقل الشافعی ان من قلد مالکا
فی عدم الشہود ان نکاحہ باطل کذا قال کمل صاحب العنایہ فی کتاب التقریر بلکہ
خود ان حضرات کی شاگرد خاص بہت مسائل مین مخالف تہی اپنی اوستاد کی لیکن
نہ دشمن اوستاد اور بی عقیدت اور بی ادب اور نہ اوستاد دوستی بیزار تہی چنانچہ انشاء اللہ
تعالیٰ بیان ہوگا ایسا ہی اب علما کو چاہیی کہ اگر کوئی انکی قول پر اعتماد نکری اور
دوسری عالم کی فتوی پر عمل کری اس بات کو برا نجانین بلکہ اپنی معتقدون کو فرماوین
کہ تمکو جس مسئلہ قیاسی اختلافی مین جس عالم کی قول پر اعتماد اور حسن ظن زیادہ ہو
اوسکی قول پر عمل کرو اور صورت اختلاف مین ایک عالم دوسرے عالم کو مخطی جانی نہ

نہ فاسق اور گمراہ چنانچہ مولانا سید نذیر حسین صاحب نے لکہا ہی بیچ جواب سوال اور
مسئلہ کی اور اگر کسی مسئلے مین ایک مولویصاحب دوسرے مولویصاحب کی خطا
معلوم کرین بیچ وعظ یا فتویٰ وغیرہ کی تو ظاہر مین ذکر نکرین بلکہ تنہائی مین سمجہا دین
اور اگر اونکی سمجہ مین نہ آوی تو اس خلاف کے رفع کرنیکو اونپر جبر نکرین بلکہ عوام الناس
سی کہدین کہ اس مسئلہ مین ہمارا اور اونکا اختلاف ہی اور اس اختلاف کا کچہہ
مضائقہ نہین اور اگر اپنی خطا معلوم ہو تو بلا تامل قبول کرین ایکدفعہ مولانا سعادتعلی
صاحب سہارنپوری مرحوم نے مولانا نوازش علیصاحب ساکن باندی مرحوم سی
کہا ایسی وقت مین کہ اوسوقت صرف یہ فقیر اونکی خدمتمین حاضر تہا کہ فلانا مسئلہ
عدت کی باب مین جو آپنے لکہا ہی میری نزدیک وہ روایت مرجوح ہی مولانا
نوازش علی مرحوم نے فی الفور رغبت نفس سے کہا کہ میری تحریر کی کاغذ کو پہاڑ ڈالیے
اور مسئلہ صحیح لکہہ دیجیے مین اوسپر اپنی مہر کر دونگا اور ایکدن مولانا مظفر حسین صاحب
مرحوم کاندلہ والی نے ایک طالب علم سی کہا کہ فلانی مسئلہ مین مجکو بعد تحقیق کے
مولانا سعادتعلی صاحب سے معلوم ہوا کہ تمہارا قول حق ہی اور مین خطا پر تہا اور
مولانا ممدوح نے نقل کیا کہ مولوی عبد الحلیم صاحب مسافر وارد دہلی کہ عامل بالحدیث
تہی ایکدفعہ مناظرہ مین کتاب سی اونکو اپنی خطا معلوم ہوئی اوسوقت مجکو اونکی
چہرہ پر نہایت ہی بشاشت معلوم ہوئی مین نے سبب خوشی کا پوچہا فرمایا کہ نہایت
خوشی کی بات ہی کہ بندہ اپنی خطا پر مطلع ہو جاوی اور حافظ عبد اللہ صاحب
ساکن بگیدہ نے نقل کیا کہ مولوی محمد رمضان مرحوم ساکن پہم اور مولوی محمد بخش
صاحب مرحوم ساکن سنام مین ایک مسئلہ مین مناظرہ تہا دوسری دن مولوی
محمد رمضان صاحب نے اوس مجمع مین آتی ہی فرمایا کہ لوگو جس مسئلہ مین کل ہم
گفتگو کرتی تہی رات مجکو اوسمین اپنی خطا ظاہر ہو گئی اور ایسا ہی جناب مولوی

قطب الہند جناب گنگوہی صاحب اور مولوی محمد شاہ مرحوم ساکن بودہیانہ کا حال دیکہا کہ
اپنی خطا کا مجمع مین اقرار کرلی تہی اور ایسا ہی حال حضرات مجتہدین کا تہا کہ بہت
مسائل مین اپنی قول سی رجوع اور اقرار خطا کا کیا اور ایسا ہی منقول ہی بارہا
حضرت عمر رضا اور حضرت مرتضی علی رضی سی اور چاہیی کہ ایک عالم دوسری عالم کا
وعظ سننی سی منع نکری کیونکہ مقصود رواج دینا امر دین کا ہی نہ ظاہر کرنا اپنی فضیلت
کا اور نہ حاصل کرنا شرف اور مال و نام آوری کا حدیث شریف مین آیا ہی ما
ذئبان جائعان ارسلا فی غنم بافسد لہا من حرص المرء علی المال والشرف لدینہ
رواہ الترمذی والدارمی کذا فی المشکوۃ فی کتاب الرقاق اور اگر کوئی مسئلہ اپنی کو
معلوم نہو صاف کہدین کہ مین نہین جانتا بزرگان دین حتی المقدور مسئلہ کا حوالہ
دوسرے ایسے علما پر کردیتی تہی جو اونسی بہتر جاننی والی تہی بلکہ بعض وقت بعض مسئلہ
مین حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بہی فرما دیتی تہی کہ مجکو اسبات کا علم نہین
چنانچہ انشاء اللہ تعالی ان امور کا مذکور ہوگا بیچ جواب مسئلہ کی اس رسالہ مین
ایکدفعہ مینی کئی مسئلے مولوی مظفر حسین صاحب سے پوچہی مجکو اپنی ساتہہ سہارنپور
کو لیگئے تاکہ اون مسائل کا جواب مولانا سعادت علی صاحب و مولانا حافظ احمد علی صاحب
سی حاصل کروادین ایکدفعہ ایک مسئلہ کی تحریر مین نی مولوی سعادت علی صاحب سے
چاہی فرمایا کہ اس کام کی ہمت اللہ جل شانہ نی مولوی نذیر حسین صاحب کو دی ہے
ایکدن مولانا حافظ احمد علی صاحب ظلہ کی خدمت مین بعض مسائل تقلید مین گفتگو ہوتی تہی
فرمانی لگی کہ ان مسائل مین ہمکو مولانا نذیر حسین صاحب کے بات کا جواب نہین آتا
اون کی جواب مین ہم چپ ہو جاتی ہین مولانا محمد قاسم صاحب ظلہ کی بہت عادت
ہی یہ کہدینا کہ مین اس مسئلہ کو نہین جانتا اور برادرم مولانا محمد حسین فقیر اللہ ظلہ نی
بارہا اس فقیر کو خجالت دی جب کسینی اونسی کچہہ پوچہا یہ فرمایا اس سی پوچہو ایکدفعہ

لودہیانہ مین کئی وعظ خیر خواہ خلایق موجود تہی جناب مولانا علاء الدین قدس سرہ
سی لوگون نی خواہش وعظ کی کری فرمانی لگی ؎ جو کاری بفضولی من برآید
مرا در وی سخن گفتن نشاید ۔ اور مولانا حافظ عبد الغنی رحمۃ اللہ علیہ ساکن پٹیجہ
کا یہہ حال تہا کہ جب تلک کوئی اور واعظ اور مفتی دیندار موجود ہوتا ہرگز وعظ
کہنی اور فتوی دینی پر راضی نہوتی انہی اور چاہیی کہ اس حوالسی یہ نیت نہو کہ فلانا
عالم اول جواب اس مسئلہ کا لکہے اور مین اوسکی خطا کو پکڑون اور اوسکو بدنام
کرون بلکہ یہ نیت ہو کہ سائل اپنی مراد کو پہنچی کہین سی پہنچی اگر ایسا ہی حال ہو
عوام اور علما کا تو انشاء اللہ تعالی کیا ہی خیر اور برکت اور بہتری ہو دنیا اور
آخرت کی اور ایسا ہی حال تہا سلف صالح کا چنانچہ انشاء اللہ تعالی اس رسالہ
مین بیان ہوگا لیکن جو مسئلہ کہ ہر مذہب مین متفق علیہ ہو جیسا کہ جہوٹ اور غیبت
اور حسد اور بغض اور شراب خواری اور زنا اور مزامیر اور معازف کا بجانا اور سننا
اور تعزیہ اور شدہ اور علم اور جہنڈی کا پوجنا اور بنانا اور رشوت لینا اور بیگانا
حق دبا لینا اور بدعات اور رسوم کا پابند ہونا اور سوای اسکی ایسی کام کہ کسی مذہب
مین درست نہین ہین ایسی امور مین اگر کسی مولوی کو برخلاف نصوص اور ساری
مذہبون کی پاوین یا وہ نام ہی کا مولوی ہو بدون علم اپنی رائی سی فتوی دیتا
ہو یا ظاہر فاسق یا مفسد یا طماع اور مداہن ہو تو لوگون کو اوسکی فتوی پر عمل
کرنیکی اور اوسکی صحبت اختیار کرنیکی ہرگز اجازت ندین بلکہ بطور شائستہ کہ نوبت
فساد تک نہ پہنچی مناظرہ کرکی ایسی شخص کو ملزم کرنا چاہیی لیکن اس مناظرہ مین
شرط ہی کہ نیت بخیر ہو یعنی ریا اور تکبر اور خودنمائی سی خالی ہو اور کوئی غرض
فاسد نہو لیکن اکثر مناظرہ مین نیت خیر کم ہوتی ہی اور اگر ہوتی بہی ہی تو جہگڑی کی
کیوقت ریا آجاتی ہی اور اپنی بات کا پچ پڑ جاتا ہی اور نوبت بلند آوازی

اور فساد تک پہنچتی ہی اور طرفین بندہ جاتی ہین بہتر یہی ہی کہ جہگڑی مناظرہ کی
بچین لیکن لوگون کو اوس مفسد بدعتی سی بی اعتقاد کر دینا چاہیی اور اگر بہت
ضرورت ہو مناظرہ بہی کرنا چاہیی لیکن جن شرطون سی کہ مذکور ہنوا احیاء العلوم سی
دریافت کرنا چاہیی کہ مناظرہ مین کتنی آفات کا خوف ہی اور فتوی دینی مین
علماء سلف کا کیا حال تہا بہر صورت مقصود یہہ ہی کہ ایسین فساد اور نزاع اور
تبغض اور غیبت اور چغلی اور عداوت اور جہگڑا نا حق کہ ایسی امور بالاتفاق حرام
ہین ہرگز ہرگز نہ کہنا چاہیی اور متفق ہو کر رسوم خیر کو رواج دینا اور بدعات اور
رسوم بد کو مٹانا اور باوجود اختلاف مسائل کے ایسین خوش دل اور ایک دوسرے کے
خیر خواہ رہنا چاہیی نہ یہ کہ ایسین پہوٹ ڈالکر بدعتیون اور بدمذہبون کا مضحکہ
بن جاوین چنانچہ اب بعضی بدعتی یہ حال دیکہکر کہتی ہین ؎ چو دشمن بدشمن
شود مشتغل ٭ تو با دوست بنشین بآرام دل ٭ اب سب ہمائی خادمین یہ عرض ہی
کہ اس نزاع کو مختصر کریں اور دری ہدایت خلق اللہ کے ہوا ور متفق ہو کر بدعات اور
امور شنیعہ کہ بالاتفاق ممنوع ہین اونکی دفع مین کوشش کرو اللہ تعالی فرماتا ہی ٭
ولا تنازعوا فتفشلوا و تذهب ریحکم ۔ یعنی ایسین مت جہگڑو پہر بزدل ہو جاوگی
اور تمہاری ہوا جاتی رہیگی واللہ الموفق **مسئلہ** ہم یقینًا جانتی ہین کہ اللہ تعالی
نی ہمکو حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کا حکم دیا ہی لیکن جو مسئلہ
قرآن شریف اور حدیث شریف سی اچہی طرح معلوم نہوا وسمین کسی مجتہد خاص کی
تقلید کرنا جائز ہی یا نہین **جواب** جائز بلکہ لازم ہی جس مقام مین اور مذہب
کی کتب اور کتاب صحیح حدیث موجود نہون انتہی **تائید** نقل کیا حضرت شاہ ولی اللہ
نی بیچ رسالہ انصاف کی نہر الفایق سی فاذا کان الانسان جاہل فی بلاد الہند
وما وراء النہر ولیس ہناک عالم شافعی ولا مالکی ولا حنبلی ولا کتاب من کتب ہذہ المذاہب

وجب علیہ ان یقلد لمذہب ابی حنیفۃ ویحرم علیہ ان یخرج عن مذہبہ لانہ حینئذ یخرج عن عقد
ربقۃ الشریعۃ ویبقی سُدی مہملا بخلاف ما اذا کان فی الحرمین فانہ تیسر لہ ہناک
معرفۃ جمیع المذاہب الخ ف مذہب حنفی سے نکلنا حرام ہے بسبب اسکی کہ اور مذہب
کی روایت اور حدیث نہین ملتی جیساکہ عبارت گذشتہ سے ظاہر ہے اور جبکہ علم
تو حرام نہین اور رسالہ دافعۃ البلوی مین مہر مفتی صدر الدین صاحب مرحوم
اور مولوی سید نذیر حسین صاحب اور مولوی علیم الدین صاحب عظیم آبادی اور
مولوی قطب الدین خانصاحب اور مولوی حفیظ اللہ خانصاحب اور مولوی
محمد اسد علی صاحب اور سید محمد ہاشم صاحب اور مولوی کریم اللہ صاحب اور خواجہ
ضیاء الدین صاحب مزین اور مرقوم ہے کہ ایک شخص تقلید ائمہ مجتہدین کی مثل
حضرت ابو حنیفہ رح وغیرہ کی عبادات اور معاملات مین کرتا ہے اس عقیدہ سے کہ
یہ لوگ حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی علماء اور بیان کرنیوالی سنت نبوی
کی ہین اور انکا اتباع صرف بقصد اتباع جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم
کی کرتا ہے اور انکو متبوع مستقل نہین جانتا اور بسبب کم علمی اپنی کی اور میسر نہونی
اسباب تحقیق کی مفصل دلیلین مسائل معمولہ کی نہین جانتا اور بسبب حسن ظن کی
بیچ حق امام متبوع اپنی کی امام ہی کی تقلید پر اکتفا کرتا ہے ایا یہ تقلید جائز ہے یا نہین
اور اس مقلد کی اعمال صحیح اور مقبول ہین یا نہین الجواب تقلید مذکور جائز ہے
اور اس مقلد کی اعمال و عبادات صحیح اور مقبول ہین لیکن اس شخص کو چاہیے
کہ نظر اوپر اسباب تحقیق کی رکھی باراداہ اتباع آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فانہم
اتفقوا علی جواز التقلید للمجتہدین مع العلم بان المجتہد یخطی ویصیب مع الاستشراف
لنص النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المسئلۃ والعزم علی انہ اذا ظہر حدیث صحیح خلاف قولہ
فیہ ترک التقلید واتبع الحدیث کذا فی حجۃ اللہ البالغۃ اور اوسی رسالہ مین ایسی مثال و

حقمین لکہا ہی کہ ان کو مشرک اور بدعتی کہنا بہت برا ہی اور انکی پیچہے نماز درست ہے
بلا کراہت انتہی اور کتاب حجۃ اللہ البالغہ مین ہی صفحہ ۱۵۹ منہا ان ہذہ المذاہب الاربعۃ
المدونۃ المحررۃ قد اجتمعت الامۃ او من یعتد بہ منہا علی جواز تقلیدہا یومنا ہذا و
فی ذلک من المصالح ما لا یخفی الخ اور اوسی کتاب مین ہی ؛ ۱۶۱ لکن ما لم یکن لہ
علم بما قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا بطریق الجمع بین المختلفات من کلامہ ولا بطریق
الاستنباط من کلامہ اتبع عالما راشدا علی انہ مصیب فیما یقول ویفتی ظاہرا متبع سنۃ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فان خالف ما یظنہ اقلع من ساعتہ من غیر جدال ولا
اصرار فکیف ینکرہ احد مع ان الاستفتاء والافتاء لم یزل بین المسلمین من عہد النبی
صلی اللہ علیہ وسلم وانما الخ اور اوسی مین ہی فان اقتدینا بواحد منہم فذلک لعلمنا
بانہ عالم بکتاب اللہ وسنۃ رسولہ فلا یخلو قولہ اما یکون من صریح الکتاب والسنۃ او
مستنبطا عنہما الی ان قال فہذا ایضا معزی الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولکن فی
طریقہ ظنون ولولا ذلک لما قلد مومن مجتہدا الخ اور صراط مستقیم تصنیف مولانا
محمد اسماعیل مرحوم مین ہی در اعمال اتباع مذاہب اربعہ کہ رائج در تمام اہل اسلام
است بہتر وخوب است الخ ف ان مسائل مرقومۃ الصدر سے معلوم ہوا کہ اس
وقت چارون مذہب مشہورہ کے تقلید کی جائز ہونی پر اتفاق ہی سب یا اکثر مسلمانونکا
اور اسمین بڑی مصلحت ہے اور یہ کہ در صورت میسر آنی کتب مذاہب کے یا روایت صحیح
کی کسی کتاب معتبر سی جس مجتہد کی تقلید کرنی جائز ہی اور در صورت نملنی سوای
کتب اور روایات ایک مذہب کے اوسی ایک مذہب کی تقلید لازم ہی اور یہ کہ
علما کا اتفاق ہی تقلید کی جائز ہونی پر اور یہ کہ حضرات مجتہدین کی تقلید اس
نیت سی ہی کہ یہ حضرات بیان کرنیوالی سنت نبوی کی ہین اور اونکی مسائل نکالے
ہوئی مین کتاب و سنت سے اور یہ کہ جس مسئلہ مین حدیث صحیح پا وی اوسمین تقلید کو

ترک کریں حدیث پر عمل کریں اور یہ کہ مولانا سید نذیر حسین صاحب نے خطا اور دوسرے
علمار دہلی کے منکر تقلید نہین ہین جیسا کہ گمان فاسد بعض صاحبونکا ہی ایسا معلوم
ہوتا ہی کہ جو علمار دین کہ منکر وجوب تقلید ایک مذہب معین کی ہین لوگون نے
اونکو منکر تقلید مطلق کا سمجھ رکھا ہی جیسا کہ منکران مقرر کرنی روز سیوم وچہلم کو منکر
ایصال ثواب اور منکران ہئیت ختم مروجہ کو منکر درود وفاتحہ اور مانعان گور
پرستی کو منکر کرامات اولیا سمجھ لیا ہی واللہ اعلم بالصواب البتہ بعض عوام الناس
اور بعض طالب علم متعصب بیچ اختلاف مسائل کے آپسمین ناحق دشمنی اور جھگڑا
اور فساد رکھتی ہین اور بہہ کچھ بیہودہ الفاظ بولتی ہین سو بعض لوگ اون عوام
کی حرکات کو خواص کے ذمہ لگا کر اونکی غیبت کرنی لگتی ہین اور یہانتک نوبت
پہنچی کہ جناب مولانا قطب الدین خانصاحب اور مولانا سید نذیر حسین صاحب کے
غیبت کرنی لگی مسلمانون کو چاہیی کہ علما کا احسان مانین اور جانین اور اونکے
وجود کو غنیمت سمجھین علم پڑہانا خصوص علم حدیث کو رواج دینا یہان تک کہ عجب
اور ولایت مین حدیث نی رواج پایا اور حدیث کی کتابونکو صحیح اور محشی کرکی چہاپنا
اور فتوی لکہنا اور دین کی کتابون کو ہماری زبان مین ترجمہ کرکی آسان کر دینا
اور وعظ کہنا اور قضایا کو فیصل کرنا اور سوا اسکے کتنی احسان ان علما کی ہیں
مین اور ہر مسئلہ مین خطا سی معصوم ہونا کسی عالم کی شان نہین فائدہ کسی مجتہد سی سلیم الطبع کو
نفس تقلید سی انکار نہین لیکن بعض صاحبونکو لفظ تقلید سی انکار ہی اور اپنی تئین مقلد نہین کہتے اور
سنی اور غیر مقلد کہلاتی ہین اسواسطی کہ تقلید سی مراد ہی تقلید ایک مذہب معین
کی چنانچہ میزان الشعرانی مین ایک جگہہ اس بات کا اشارہ ہی اور یہ صاحب
پابند مذہب معین کی ہین نہین پہر مقلد کہان ہوئی یا اسواسطی کہ تقلید کہتی ہین
کسیکے قول قبول کرنیکو بدون دلیل کے جیسا کہ کتب اصول مین ہی اور حضرات حنفیہ

مجتہدین کی قولن پر عمل کرنیکی دلیل ہے آیت کریمہ فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم
لا تعلمون تو ان حضرات کی قول پر عمل کرنا تقلید ہوا یا اسواسطی کہ تقلید کی
حقیقت ہے عمل کرنا اوپر قول اوس شخص کے جسکا قول حجت شرعی ہو جیساکہ
عند الفریقین ہے التقلید عمل بقول من لیس قولہ احدی الحجج الاربعۃ الشرعیۃ بلا حجۃ
منہا اور تحریر اور شرح تحریر مین ہی التقلید العمل بقول من لیس قولہ احدی الحجج الا ربع
بالاعتماد علی فائدہ الخ اور حضرات مجتہدین کا قول ادلہ اربعہ شرعیہ مین
ہی اوسپر عمل کرنا تقلید ہوا سو اسکا جواب یہہ ہی کہ یہ بات ٹہیک ہے ہم
اس امر مین نزاع نہین کرتی کیونکہ محض نزاع لفظی ہی اور حضرات ائمہ مجتہدین
کی قول پر عمل کرنا اور اونکی تعظیم اور فضیلت بہر صورت ہماری اور
تمہاری نزدیک ثابت ہی لیکن بعض اہل اصول نے عمل بقول مجتہدین کو لفظ
تقلید سی تعبیر کیا ہی اور آیۃ کریمہ فاسئلوا اہل الذکر دلیل کلی ہی مجتہدون کے قول
عمل کرنیکی اور دلیل ہر مسئلہ جزئی کی عمل کرنیوالی کو معلوم نہین ہوتی تو اس
سبب سے وہ مقلد ہوا اور انکار لفظ تقلید سی عوام الناس کو وحشت پیدا ہوتی
ہی سو اسواسطی آپ صاحب ہی وقت پوچہنی کسیکے کہ تم مقلد ہو یا نہین اگر
فرمادیا کرین کہ مسائل قیاسی اجتہادی مین ہم مقلد ہین تو کچہہ مضایقہ نہین اور
مسئلہ حصول کا ہی بیان کردیا کرین اور بعضی شخص بسبب بی علمی اور کم نظری
کے یا بسبب تعصب کے مطلق تقلید سی انکار کرتی ہین اور فقہ کو پسند نہین
کرتی ایسی لوگ بالاتفاق غلطی پر ہین اور اونکی بعضون کے قول یہان نقل
کیے جاتی ہین قولہم ہم مذہب کو نہین جانتی ہم محمدی ہین سو اسکا جواب
یہہ ہی کہ بیشک تم مذہب کو نہین جانتی ہو بسبب نہونی علم کی اور ہم بہی محمدی
ہین اور محمدی کہلانا ہمارا فخر ہی اللہ تعالی ہم اور تم اور سبکو محمدی ہی رکہی

اور محمدی ہی ہاری اور محمدی ہی اونہا وہی اور جو کوئی اس لقب سے گہبراوے
بڑا ہی بیجہ ہی لیکن اب جان لو کہ مذہب اوسکو کہتی ہین کہ جو مسئلہ قرآن اور
حدیث سی اچھی طرح ظاہر نہوا اور ہمین مجتہدون نی قیاس صحیح کو خرچ کیا جسکی
سمجہ مین جسطور آیا وہی اونکا مذہب ہے اور ہمکو اور تمکو کہ طاقت قیاس کرنیکی
نہین ایسی مسائل مین ضرور ہوا کہ اونکی پیروی کرین اور چونکہ اون بزرگون
نی ایسی مسائل کو حضرت محمد صلعم کی کلام مبارک سی نکالا ہی اسواسطی اونکی
پیروی کرنیوالا بہی محمدی ہی ہوتا ہی **قولہم** ابوحنیفہ رض کو قیاس کرنی پر اگر بروز
قیامت کی دن پرسش ہوگی تو کیا جواب دینگی **جواب** اگر پرسش ہوگی
تو وہی جواب حضرت معاذ رض دینگی وہی جواب حضرت ابوحنیفہ رض دینگی
مشکوۃ شریف مین ہی عن معاذ بن جبل ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما بعثہ
الی الیمن قال کیف تقضی اذا عرض لک قضاء قال اقضی بکتاب اللہ قال فان
لم تجد فی کتاب اللہ قال فبسنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال فان لم تجد فی
سنۃ رسول اللہ صلعم قال اجتہد برائی ولا آلو قال فضرب رسول اللہ صلی اللہ علیہ
علی صدرہ وقال الحمد للہ الذی وفق رسول رسول اللہ لما یرضی بہ رسول اللہ
رواہ الترمذی وابوداود والدارمی اور قیاس کرنا دوسری صحابہ رضی اللہ
عنہم سی بہی منقول ہی فرمایا مولانا اسمعیل شہید مرحوم نی بیچ ایضاح الحق کے
مسئلہ ثانیہ احکام مستنبطہ مجتہدین سابقین خواہ باین وجہ باشد کہ فلان امر
واجب است یا مندوب یا مباح یا مکروہ یا حرام یا باین وجہ باشد کہ فلان امر برای
فلان امر است یا شرط او یا بیت مکمل او یا سبب او یا لازم او یا اثر او یا ثمرہ او یا مانع
او یا عوض او وامثال آن ومراد از امر اعم ہست از آنکہ از جنس عقائد عقلیہ
باشد یا امور قلبیہ یا افعال جوارح از عبادات یا عادات یا از معاملات ہمہ از

١٨

قبیل بستہ حکمیہ است ہرگز در قسمی از اقسام بدعت داخل نیست چہ حکم مذکور
ہنوز قبیل محدثات اصلا نیست چہ جائیکہ از بدعات باشد الخ اور قیاس مجتہدین
قرآن شریف سی بہی ثابت ہوتا ہی اللہ تعالی فرماتا ہی ولو ردوہ الی الرسول
واولی الامر منہم لعلمہ الذین یستنبطونہ منہم الایۃ **قولہم** ابوحنیفہ رح کی تقلید کرنا
کس آیت اور حدیث سی ثابت ہی **جواب** تقلید خاص حضرت ابوحنیفہ رح کی
کسی آیت اور حدیث سی ثابت نہین مگر فاسئلوا اہل الذکر ان کنتم لا تعلمون
اور اتفاق ہی جمہور اہل سنت کا اسپر کہ حضرت ابوحنیفہ رح بہی اہل ذکر مین
ہین اور چونکہ اس ملک مین اکثر مسائل قیاسی انہین کی مذہب کی پائی
جاتی ہین اسواسطی اوسپر عمل کیا جاتا ہی **قولہم** مجتہدون نی اختلاف
کرکی دین کو متفرق کردیا اور اللہ تعالی فرماتا ہی ان الذین فرقوا دینہم وکانوا
شیعا لست منہم فی شئ **جواب** اس آیہ کریمہ مین اختلاف اصول یہود اور
نصاری کا مراد ہی نہ اختلاف فروع اس امت کا بلکہ حدیث شریف مین ہی
اختلاف امتی رحمۃ وکان الاختلاف علی من قبلنا عذابا او قال ہلاکا ؎
کذا فی المیزان الشعرانی صہ۴۵ اور یہہ اختلاف فروع صحابہ کرام رض مین بہی تہا
بلکہ کسی مسئلہ مین حضرت کی سامنی صحابہ مین اختلاف ہوجاتا تہا اور حضرت
صلعم خوش رہتی تہی چنانچہ بیان ہوگا انشاء اللہ تعالی پہر صحابہ کرام رض
ملکون اور شہرون مین متفرق ہوگئی اور اونسی تابعین نی فیض حاصل کیا
اور اونسی اور مجتہدون نی حاصل کیا پہر جس شہر مین تابعی یا اور مجتہد
پیشوا ہوا اوسیکا مذہب جاری ہوا اور ان حضرات نی جو اختلاف کیا
سو اسواسطی کہ جو مسئلہ قرآن اور حدیث سی اچہی طرح اونپر منکشف نہوا یا حدیث
نہ ملی ناچاری کو اوسمین قیاس صحیح کو خرچ کیا کسی نی کچہہ سمجہا اور کسی نی کچہہ

پہر ہر مجتہد کو اوسکی اجتہاد پر انشاء اللہ تعالی ثواب ہی ملیگا کذا فی الرسالۃ الانصاف
تصنیف حضرت شاہ ولی اللہ صاحب مرحوم اور اوسی رسالہ مین ہی قصہ
تحصیب یعنے نزول فرمانی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ البطح کے وقت کوچ
کے مناسب طرف مکہ کے کہ حضرت ابوہریرہ رض اور ابن عمر رض نی یون سمجہا کہ
یہان اوترنا سنت ہی سنتون حج کیسے اور حضرت ابن عباس رض اور عائشہ رض
نی یون سمجہا کہ یہہ امر اتفاقی تہا اور رمل یعنی اکڑکر چلنا طواف مین اکثر اہل علم
نی یون سمجہا کہ سنت ہی اور حضرت ابن عباس رض نے سمجہا کہ سنت نہین حضرت
نی ایک ضرورت کیواسطی کیا تہا کہ مشرک کہنی لگی تہی کہ حطمتہم حمی یثرب اور حضرت
صلعم کا حج شریف بعضی صحابہ نی سمجہا کہ تمتع تہا اور بعضون نی سمجہا کہ قران تہا
اور بعضون نی سمجہا کہ افراد تہا اور حدیث شریف ان المیت لیعذب ببکاء اہلہ
علیہ نقل کیا اسکو حضرت ابن عمر رض نی اور حضرت عائشہ رض نی یون فرمایا
کہ ابن عمر رض کو اسمین سہو ہوا کہ میت پر رونیکو سبب عذاب میت کا اور حکم عام
سمجہا بلکہ گذری حضرت صلعم ایک عورت یہودیہ پر کہ اوسکی گہر والی اوسپر روتی تہی
آپ نی فرمایا کہ اوسپر روتی ہین اور وہ اپنی قبر مین عذاب پاتی ہی اور حضرت
کا کہڑا ہونا واسطی جنازہ یہودی کی کسی نی یون سمجہا کہ ملائکہ کی تعظیم کی لیے
ہی اور عام ہی کہ جنازہ مومن کا ہو یا کافر کا اور کسی نی یون سمجہا کہ موت
کی ہول سی ہی اور کسی نی یون سمجہا کہ حضرت یہودی کی جنازہ کیواسطے
کہڑی ہوئی بسبب مکروہ جاننی اسبات کی کہ یہودی نبی صاحب کے سر سی
اونچا ہو اور یہہ کہڑا ہونا خاص ہی کافر کے جنازہ کی لیے اور حضرت نے متعہ
کی اجازت دی سال خیبر مین پہر منع فرمایا پہر اجازت دی سال اوطاس
مین پہر منع فرمایا ف فقیر مولف کہتا ہی کہ حضرت ابن عباس رض نی اسا

قول سی رجوع فرمایا چنانچہ صحیح ترمذی مین ہی روی عن ابن عباس شئی من
آلرخصۃ فی المتعۃ ثم رجع عن قولہ حیث اخبر عن النبی صلعم الخ اور اکثر نی یہہ سمجہا کہ
اجازت تہی اباحت کی اور منع فرمانا منسوخ فرمانا ہی اور منع فرمایا حضرت نی
منہ کرنیسے طرف قبلہ کے بیچ استنجا کی بعضون نے اس حکم کو عام اور غیر منسوخ
سمجہا اور جابر رض نی حضرت کو دیکہا ایک برس پہلی وفات شریف کی کہ رو بقبلہ
بول کرتی تہی اونہون نی پہلی حکم کو منسوخ سمجہا اور ابن عمر رض نے حضرت کو دیکہا
قضاء حاجت کرتی پشت بقبلہ اونہون نی اس امر کے ساتہہ سے قول کو رد
کیا اور بعضون نی دونون روایتون کو جمع کیا حضرت شعبی وغیرہ نی یون سمجہا
کہ منع ایسا امر سے خاص ہے میدان مین اور جب حاطہ مین ہو تو مضایقہ نہین
خواہ رو بقبلہ ہو یا پشت بقبلہ اور بعضون نی یون سمجہا کہ منع حکم عام ہی واجب
۲۱ ہونا شاید خاص ہے واسطے رسول کریم صلعم کے انتہی اور وجوہ اختلاف کی
مفصل دیکہنا چاہو تو رسالہ انصاف اور حجۃ اللہ البالغہ مین دیکہنا چاہیی صفحہ ۱۴۲ سے
صفحہ ۱۴۹ تک اور یہہ بہی جان لینا چاہیی کہ اگر اختلاف مع الایتلاف ؛
ہو اوس سی تفرقہ ہرگز نہین ہوتا تفرقہ جب ہوتا ہی کہ اختلاف ؛ ؛ ؛
مع الاعتساف ہو اور ہر فرقہ اپنی اپنی مذہب پر ایسی اڑین کہ وقت ملنی حدیث
کی کہین یہ حدیث ہماری مذہب کی نہین فلانی مذہب کی ہی ہمکو اسپر عمل نہین
جائز جیسا کہ بعضے کہتے ہین کہ مشکوۃ شریف مین شافعی مذہب کی حدیثین ہین
یا یون اعتقاد رکہین کہ جو کوئی چند مسائل مین حنفی مذہب پر عمل کر چکا اوسکو
دوسری مسائل مین بہی شافعی رض وغیرہ کی قول پر عمل درست نہین اور جو کوئی
چند مسائل مین شافعی کے مذہب پر عمل کر چکا اوسکو کسی مسئلہ مین ابو حنیفہ رض وغیرہ
کی قول پر عمل جائز نہین سو ایسی باتین حضرات مجتہدین نی ہرگز ہرگز نہین فرمائین

اور ان متعصبون کی ایسی حرکات سی حضرات مجتہدین پر اعتراض نہین وارد ہوتا

قولہم حنفی شافعی کہلانا کچہ ضرور نہین بلکہ محمدی کہلانا چاہیے کیونکہ اللہ نے ہمکو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع کا حکم دیا ہی نہ شافعی اور حنفی وغیرہ ہونیکا

جواب بلاشک یہ بات سچ ہی لیکن جو شخص کہ مسائل قیاسی حنفی یا شافعی یا اور مذہب کی عمل مین لاتا ہو اوسکو اگر کوئی پوچہی کہ تم قیاسی مسائل کس مذہب کے استعمال کرتی ہو اوسوقت اوسکی جواب مین اگر کہا جاوی کہ قیاسی مسائل تو فلانی فلانی مذہب پر میرا عمل ہے تو اسمین کیا قباحت ہے اپنا لقب محمدی ٹہرانا ایمان کی بات ہی لیکن حنفیون اور شافعیون وغیرہ کو محمدیت سی باہر نکالنا قباحت ہے کیونکہ یہہ لوگ جو تقلید حضرت ابو حنیفہ رح اور دیگر حضرات مجتہدین کی کرتی ہین محض اسیواسطی کہ یہہ مجتہدین حضرت رسول اللہ علیہ وسلم کی سنت کی بیان کرنیوالے ہین تو سب محمدی ہوئی **قولہم** حافظ ابن حزم رح نے تقلید کو حرام کہا ہی **جواب** حجۃ اللہ البالغہ مین ہی صفحہ ۱۵۹ و ۱۶۰ و ۱۶۱ تک فما ذہب الیہ ابن حزم حیث قال ان التقلید حرام الخ انما یتم فیمن لہ ضرب من الاجتہاد ولو فی مسئلۃ واحدۃ وفیمن ظہر علیہ ظہورا بینا ان النبی صلعم امر بکذا ونہی عن کذا وانہ لیس بمنسوخ وفیمن یکون عامیا ویقلد رجلا من الفقہاء بعینہ ویری انہ یمتنع من مثلہ الخطاء وان ما قالہ ہو الصواب البتۃ واضمر فی قلبہ ان لا یترک تقلیدہ وان ظہر الدلیل علی خلافہ وفیمن لا یجوز ان یستفتی الحنفی مثلا فقیہا شافعیا وبالعکس لیس محلہ فیمن لا یدین الا بقول النبی صلعم ولا یعتقد حلالا الا ما احلہ اللہ ورسولہ ولا حراما الا ما حرمہ اللہ ورسولہ لکن الخ انتہی مختصرا غایۃ الاختصار **قولہم** سعدی رحمہ اللہ نے کہا ہی

ــــــہ عبادت بتقلید گمراہی است ٭ خنک رہروی را کہ آگاہی است

جواب حضرت سعدی خود مقلد مین امام شافعی رح کی مقلد کی قول کو دلیل لاتی ہو عدم تقلید پر اور سعدی

کی قول کی بہی کچہہ تاویل ہوگی جیسے کہ ابن حزم رہ کے قول کی ہی یا مراد کی
تقلید کسیکی بیچ شناخت اللہ اور رسول کے کیونکہ ایمان تقلیدی بعضون کے
نزدیک معتبر نہین ہے جیسا کہ کہا ہے **ع** تحقیق طلب دین تقلید :: کفر است
بہ نزد اہل توحید :: یا یہہ کہ تحقیق بہر صورت تقلید سے بہتر ہے اور تقلید بہ نسبت
تحقیق کے گمراہی ہے **قولہم** حضرت ابو حنیفہ رہ نے حدیث کو نقل نہین کیا
جواب عدم نقل سے عدم علم ثابت نہین ہوتا اور بہی بہت مجتہدین نے
حدیث کو نقل نہین کیا **قولہم** حنفی مذہب کی موید اول تو کوئی حدیث ہی
نہین اور جو ہی بہی تو ضعیف ہی **جواب** اگر زیادہ نہین تو موطا امام محمد
اور فتح القدیر شیخ ابن ہمام کی مطالعہ فرمایئے پہر کہنا کہ کوئی حدیث اس مذہب کے
موید ہی یا نہین آور بعضی حدیث اول زمانہ مین قوی ہوتی ہی پہر بعد مدت
۲۳ کے بسبب کثرت راویون کے ضعیف ہو جاتی ہی محدثین اس قاعدہ کو خوب
جانتے ہین چونکہ حضرت ابو حنیفہ کا زمانہ بہ نسبت بہت محدثون کے اول ہی
تو یہہ بہی احتمال ہے کہ بعض حدیث ابو حنیفہ رہ کے نزدیک صحیح ہون اور ون
کے نزدیک بسبب داخل ہونے کسی راوی ضعیف کے سلسلہ حدیث مین ضعیف ہون
بعضی حدیث کسیکے نزدیک ضعیف ہوتی ہی اور کسیکے نزدیک قوی جسکو ::
جیسے راویون سے پہنچی ویسی ہی حدیث ہوئی اور ہم یہہ نہین کہتے ہین کہ
اول سے آخر تک سب اقوال فقہاء حنفیہ کے معتبر ہین بلکہ بہت اقوال بعضی متاخرین
اور متعصبین کے کچے اور بے سند ہین چنانچہ محقق حنفیہ بہی اون اقوال کو ہرگز
نہین مانتے اور اسطرحکے اقوال ہر مذہب مین ہوتی ہین **قولہم** حضرت ابو حنیفہ
کی تصنیف کوئی کتاب نہین **جواب** حضرت ابو حنیفہ رہ کے اقوال جو
اونکے شاگرد امام محمد رہ نے اونسے سنکر کتابون مین لکہی تو سند پائی گئی چنانچہ

صحابہ رض کی تصنیف بہی کوئی کتاب موجود نہین ہے لیکن اقوال اون حضرات کتابونمین مندرج ہین **قولہ** اب ابو حنیفہ رح کہان ہین کہ اونسے مسئلے پوچہین ہمکو تو عالمون ہی پوچہ لینا کفایت کرتا ہے **جواب** یہ بات ٹہیک ہے لیکن علما ہی جو بعضے مسئلہ قرآن وحدیث سے دریافت نہین کر سکتے اونمین کتب فقہ سی دریافت کرکے تقلید حضرت ابو حنیفہ رح یا اور کسی مجتہد کی کرنے ہین **مسئلہ** ایسے تمام مسائل مین ایک ہی مجتہد کی تقلید لازم ہے یا یہہ بہی جائز ہے کہ ایک مسئلہ مین ایک مجتہد کی اور دوسرے مسئلہ مین دوسری مجتہد کی **جواب** دونون طرح جائز ہے۔ ہل یقلد غیرہ فی غیر المختار نعم لما علم من استفتائہم مرۃ واحدا وآخر غیرہ کذا فی مسلم الثبوت والتحریر للشیخ ابن الہمام وغیرہما واللہ اعلم بالصواب **حاشیہ** اور تیسیر شرح تحریر مین ہی وہل یقلد غیرہ ای غیر من قلدہ اولا فی شیء فی غیرہ ای غیر ذلک الشیء کان یعمل اولا بقول ابی حنیفۃ وثانیا فی آخر بقول مجتہد آخر المختار کما ذکر الآمدی وابن الحاجب نعم للقطع بالاستقرار التام بانہم ای المستفتین فی کل عصر من زمن الصحابۃ وہلم جرا کانوا یستفتون مرۃ واحدا ومرۃ غیرہ غیر ملتزمین مفتیا واحدا وشاع وتکرر ولم ینکر انتہی اور تیسیر شرح تحریر مین ہے وہل یقلد غیرہ ای غیر من قلدہ اولا فی حکم ای غیر الحکم الذی عمل بہ اولا المختار فی الجواب نعم یقلد غیرہ فی غیرہ تقدیر الکلام المختار جواز التقلید لغیرہ فی غیرہ للقطع بالاستقرار بانہم ای المستفتین فی کل عصر من زمن الصحابۃ کانوا یستفتون مرۃ واحدا من المجتہدین ومرۃ غیرہ ای غیر المجتہد المذکور حال کونہم غیر ملتزمین مفتیا واحدا وشاع ذلک من غیر نکیر انتہی اور مسلم مین ہی ولو التزم مذہبا معینا کمذہب ابی حنیفۃ وغیرہ فہل یلزمہ الاستمرار علیہ فقیل نعم لان الالتزام لا یخلو عن اعتقاد حقیتہ فیہ وقیل لا اذ لا واجب الا ما اوجبہ اللہ تعالے ولم یوجب علی احد ان یتمذہب

بمذہب رجل من الائمۃ الخ اور تقریر شرح تحریر مین ہی اولا واجب الا ما اوجبہ
اللہ تعالےٰ ورسولہ ولم یوجب اللہ ورسولہ علی احد من الناس ان یتمذہب
بمذہب رجل من الائمۃ فیقلدہ فی دینہ فی کل ما یاتی ویذر دون غیرہ وتمذا
لیس بمذہب حتے یجب الوفاء الخ کذا فی فتوی مولانا بشیر الدین سلمہ اللہ تعالیٰ

ف بعضے صاحب کہتی ہین کہ اس مقام مین واجب سے مراد فرض ہی اور
ہم جو تقلید مذہب معین کو واجب کہتے ہین وہ واجب اصطلاحی فقہا ہی سو
اسکا جواب ہی کہ حکم واجب کا مانند حکم فرض کے ہے یعنی اوسکے عمل کرنی پر
ثواب اور ترک کرنی پر عذاب لیکن فرض کا منکر کافر اور واجب کا منکر فاسق
ہی جیسا کہ نقل کیا مصنف مدار الحق نی خلاصہ سی صفحہ ۱۰۳ مین پس کس دلیل
شرعی سی یہہ حکم نکالا کہ تقلید مذہب معین واجب اور تارک اوسکا مستحق عذاب
الہی کا ہی اور عبارات کتب اصول سی کہ بیان ہو چکین اور انشاء اللہ تعالےٰ
ہونگی کسیطرح اسکا وجوب ثابت نہین ہوتا بلکہ تقلید غیر معین ثابت ہوتی ہی اور
جبکہ اہل اصول نی عدم وجوب تقلید معین کو باتفاق عمل صحابہؓ اور تابعین ثابت
کیا تو پہر کون شخص ہے کہ اتفاق ان حضرات کو ترک واجب قرار دی اور مختصر
الحصول مین ہی بل یقلد المقلد العامل بمذہب فی حکم غیرہ فی غیرہ المختار نعم للقطع
بان المستفتین من عصر الصحابۃؓ ولم جرا کانوا یستفتون مرۃ واحدا واخری
غیرہ غیر ملتزمین مفتیا واحدا وشاع ذلک ولم ینکر فکان اجماعا علی ان التزام
مذہب معین غیر لازم انتہی وقال الشرنبلالی فی العقد الفرید مختصل ما ذکرناہ انہ
لیس علے الانسان التزام مذہب معین انتہی وہکذا فی رد المختار انتہی کذا فی الفتوی
المذکور اور طوالع الانوار حاشیہ در المختار مین ہی منقول حضرت ابو المعانی سندھی
رحمۃ اللہ علیہ سی جنکا انتقال ۱۰۵۴ ہجری مین ہوا وجوب تقلید مجتہد معین لا یجب علیہ

اور متعہ اور وطی غلام حلال کہا لیکن محقق ہر فن کے قول جہوٹی کو
سچے سے تمیز کر لیتے ہین **ایضا** بعضے حدیثون کا مضمون آپسین مخالف
اور معارض ہوتا ہے اوسوقت کونسے پر عمل کرین **جواب** فقہا کی
صدہا قول ایک دوسرے کے مخالف اور معارض ہوتی ہین اوسوقت
کونسے پر عمل کروگے بلکہ خاص ایک امام کے مذہب مین امام اور اوسکے
شاگردون مین بہت مسائل مین اختلاف ہوتا ہے چنانچہ اونمین سے
بیش مسئلہ یہان لکہے جاتی ہین امام ابو حنیفہ رح کی نزدیک نماز مین
ایک آیۃ کا پڑہنا فرض ہے اور صاحبین کے نزدیک ایک آیت دراز
یا تین آیتین چہوٹی امام قران مجید مین دیکہکر قرأت پڑہے تو امام رح
کے نزدیک نماز اوسکے فاسد ہی اور صاحبین کے نزدیک فاسد نہین
وتر واجب ہے امام رح کے نزدیک اور سنت ہی صاحبین کے نزدیک نفل
کہڑی ہو کر شروع کرے پہر بغیر عذر بیٹہ جاوے امام کی نزدیک جائز اور

صاحبین کے نزدیک بہ تاخیر جائز ہے ظہر نہین پڑہے اور نہ پڑہنا اوسکا یاد رہی اور
عصر ادا کری امام کی نزدیک عصر فاسد ہے بفساد موقوف یعنی اگر معہ عصر کے
چہہ وقت کی نمازین ادا کری اور ظہر اب تک ادا نہین کی تو یہ چہہ نمازین
جائز ہین اور صاحبین کے نزدیک نہین جائز چلتی کشتی مین نماز بیٹہہ کر بغیر
مرض کے جائز ہے امام کی نزدیک اور صاحبین کے نزدیک نہین جائز جمعہ کی
نماز مین کم سی کم تین نمازیون کا ہونا سوائی امام کے شرط ہے نزدیک امام
کے اور صاحبین کے نزدیک دو کافی ہین نماز ظہر جمعہ کے دن گہر مین ادا
کری جماعت ہونیسے پہلے پہر چلا جمعہ کی نماز پڑہنے کو ساتہہ جماعت کی تو
ظہر پڑہی ہوئی فاسد ہوئی امام کے نزدیک اور صاحبین کے نزدیک اسوقت
باطل ہوئی جب جماعت مین داخل ہوا جمعہ کی نماز مین امام کی رکوع سجود سے
۱۲۱ پہلے اگر نمازی بہاگ جاوین تو حضرت ابو حنیفہ کے نزدیک امام کو چاہیے
کہ ظہر پڑہے نہ جمعہ اور صاحبین کے نزدیک جبکہ شروع کر چکا تو جمعہ پڑہے
عیدگاہ کو جاتا ہوا امام کے نزدیک تکبیر پکار کر نکہے اور صاحبین کے نزدیک
کہی اوپر قیاس عید الضحے کے تکبیرات تشریق امام کے نزدیک عرفہ کی دن
نماز صبح سی عصر عید تلک اور صاحبین کے نزدیک تیرہوین تاریخ کی عصر تلک
گہوڑونکی زکوۃ امام کی نزدیک ہر ہر گہوڑی پر ایک ایک دینار یا قیمت مقرر کرکے
چالیسوان حصہ اور صاحبین کے نزدیک گہوڑون پر زکوۃ نہین جا مگر محرم عورت سے
نکاح اور وطی کری تو امام کے نزدیک اوسپر حد زنا نہین اور سزا سخت ہے اور
اور صاحبین اور شافعی کے نزدیک حد ہی مدت رضاع امام کی نزدیک تیس
مہینے اور صاحبین کے نزدیک دو برس شوہر غایب پر عورت گواہ نکاح پیش
کری تو قاضی کو شوہر غایب پر حکم لگانا اور قرض لیکر عورت کو نفقہ دینا جائز نہین

اور زفر کے نزدیک جائز اور اسی پر فتویٰ ہے کذا فی الدر مختار شرط امام کے
نزدیک نہایت تین دن اور صاحبین کے نزدیک زیادہ بھی جائز ہے اگر
مقرر کیے خیار مشتری کا بیع کو بائع کے ملک سے نکلجانیکو منع نہین کرتا لیکن
مشتری کی ملک مین نہین ہوجاتا اور صاحبین کے نزدیک مشتری کی ملک مین
ہوجاتا ہے اور اس اختلاف پر بہت مسائل متفرع ہوتی مین ایک ڈھیر گیہون کا
بیع کیا یہ کہکر کہ ایک پیمانہ ایک درم کو تو امام صاحب کے نزدیک ایک ہی پیمانہ
کی بیع صحیح ہوئی اور اگر سب پیمانو نکا ذکر کیا تو سب کی بیع ہوگئی اور
صاحبین کے نزدیک سب کے بیع ہوگئی اگرچہ سب کا ذکر نکری جھوٹی گواہی
گذرنی سی چند عقود کے جیسے بیع اور نکاح اور طلاق مین .. حکم قاضی کا نافذ
ہوجاتا ہے اور صاحبین اور زفر اور شافعی اور احمد اور مالک کے نزدیک ظاہر
مین نافذ ہوتا ہے نہ حقیقت مین کما فی الدر دو شخصون مین حتی کہ ایک شخص مسجد
کردے امام صاحب کے نزدیک جائز نہین اور صاحبین کے نزدیک جائز ہے یہ مسائل
ہدایہ وغیرہ مین موجود مین اور بہت جگہ مین ایک ہی امام سے کئی روایتین
مختلف منقول ہوتی مین چنانچہ بعض اسکے بیان ہوتی مین کہا سید بادشاہ
شارح تحریر نے وقیل التشقیق تتبع الرخص فسق واستیفاء عن احمد وابن ابی ہریرہ کہا
بحر العلوم نے شرح مسلم مین کذا فی المعیار اور شرح وقایہ فارسی مین ہی اگر شخصے
را بہ تیزی کشد زود چنانکہ میرد قصاص واجب شود واگر بہ پشت کشد زود ہست
نزدیک صاحبین و شافعی نیز قصاص واجب شود واز امام دران سہ روایت است
بیک روایت دران قصاص واجب نشود و بیک روایت واجب شود و بیک روایت
اگر جراحت کرده است قصاص واجب شود و ہو الصحیح کذا فی الہدایہ اور مطحاوی
مین ہے صفحہ ۲ کہ اگر قاضی خلاف مذہب اپنے کے حکم کری عمداً تو امام سی

اوسکی نافذ ہوتی ہین دو روایتین ہین کما قال و فی المحمدیہ روایتان انتہی اور
سراجی مین ہے بیچ بیان میراث حمل کے دیوقف عند ابی حنیفۃ رح نصیب اربعۃ
بنین او اربع بنات ایہما اکثر ویعطی لبقیۃ الورثۃ الانصبا و عند محمد رح یوقف
نصیب ثلاثۃ بنین او ثلاث بنات ایہما اکثر رواہ عنہ لیث بن سعد و فی روایۃ
اخری نصیب ابنین وہو قول الحسن واحدی الروایتین عن ابی یوسف رواہ عنہ
ہشام وروی الخصاف رح عن ابی یوسف رح ان یوقف نصیب ابن واحد او بنت
واحدۃ وعلیہ الفتوی اور میزان الشعرانی مین ہے صـ۱۲۷ کہ آدمی مردہ کی
نجاست اور طہارت مین دو قول ہین امام شافعی رح سی اور اوسی مین ہی
صـ۱۲۹ کہ مسح کانون کے ایک یا تین بار ہوتی ہین احمد رح سی دو روایتین ہین
اور اوسی مین ہی صـ۱۶۳ کہ نماز مین ہاتھ باندہنی مین ناف سی نیچی یا اوپر
احمد سی دو روایتین ہین ایضاً صـ۱۷۰ اسوای دو رکعت اول کے سورۂ فاتحہ
کے ضم کرنیکے مسنون ہوتمین دو قول ہین شافعی کے ایضاً صـ۱۸۰ ستر عورت کا
ہونا درمیان ناف اور گھٹنے کے یا محض فرج اور دبر ا سمین دو روایتین ہین
احمد اور مالک سے ایضاً حرہ کا تمام بدن عورت ہوتمین سوای منہ اور کفین
اور قدمین کی دو روایتین ہین احمد سے ایضاً صـ۱۸۶ بدن کپڑا مکان پاک
ہونا واسطے صحت نماز کے شرط ہے یا نہین امام مالک سے اسمین تین روایتین
ہین ایک روایت سی بہر صورت شرط ہے اور دوسری روایت سے مطلقاً شرط
نہین اور صحیح تر روایت یہہ ہے کہ اگر نمازی کو معلوم ہے کہ کپڑا یا بدن
یا مکان پلید ہے تو نماز صحیح نہین اور اگر معلوم نہین یا بہول گیا تو نماز صحیح ہے
ف اگر کہو کہ واسطے دفع معارضہ اور مخالفت قول فقہا کے قاعدہ مقرر ہے
بموجب اوسکی تعارض اور تخالف کو دفع کیا جاتا ہے چنانچہ وہ قاعدہ بیان ہو چکا ہے

بیچ تائید مسئلہ کے جواب مین اس قول کے تو لکہم طحطاوی مین ہے الخ تو ہم کہتے
مین ایسا ہی واسطے رفع تعارض احادیث کے قاعدہ اصول مین مقرر ہے کہ بموجب
اوسکے تعارض کو دفع کیا جاتا ہے اور معیار مین نقل کیا شرح نخبہ سے کہ قاعدہ وقت
تعارض کے درمیان دو حدیثون کی اور اگر موافق نہو سکین تو دیکھین کہ دونون
سی کون ازراہ تاریخ موخر ہے پس موخر کو ناسخ سمجھکر اختیار کرین اور اگر تاریخ
بہی معلوم نہو تو ایک کو دوسری پر ترجیح دیوین اگر ترجیح بہی ممکن نہو تو
دونون کی عمل سے متوقف رہین اور رجوع کرین طرف ماورون کی ایضاً
میری امام کا قول یہہ حدیث ہے سی ہے جواب امام کا قول حدیث سی
ہے اور یہہ خود حدیث موجود ہے اوس قول پر بہی عمل کرو اور اس حدیث پر
عمل کرو اور اگر قول اور حدیث مین مطابقت نہو سکے تو قول کو ترک اور حدیث
پر عمل کرو میزان الشعرانی مین صـ ۲ و قال الامام الشافعی وغیرہ ان العمال
الحدیثین او القولین اولی من الغاء احدہما وان ذلک من کمال تمام الایمان
اور اوسی مین ہے صـ ۱۵ وکان الامام محمد بن المنذر رح یقول اذا ثبت عن
الشارع صلی اللہ علیہ وسلم فعل امرین فی وقتین فہما علی التخییر مالم یثبت النسخ فیعمل المکلف
بہذا الامر تارۃ وبہذا الامر تارۃ اخری اور فرمایا شیخ عبدالحق رح نے بیچ شرح
سفر السعادت کے بیچ رفع یدین اور عدم رفع کے پس چارہ نیست از قول بہ ثبت
ہر دو ایضاً حضرت ابو حنیفہ تابعی مین اور تابعی کا قول یہہ حدیث ہی سو جب
کوئی حدیث صحیح معارض قول ابو حنیفہ کے ہو اور کوئی حدیث ضعیف اور قول
کے موافق ہو تو اس قول پر عمل چاہیے نہ حدیث پر جواب یہہ قاعدہ کو کسی
حدیث یا کتاب اصول مین ہی اور اگر اپنی رائی سی کہتی ہو تو نہایت برا کرتی
ہو شرح مسلم الثبوت مین ہی لان التشریع بالرای حرام اور حضرت ممدوح کے

تابعی ہوئین بہی اختلاف ہے اور تابعی کے قول کو حدیث کہنا اگر باعتبار معنے لغوی کے ہے تو ہر کسی کے قول پر اطلاق ہوسکتا ہی اور اس سے بیان کیا بحث ہے اور اگر باعتبار معنی اصطلاحی کے ہے تو بہی مفید مطلب تمہاری کا نہیں ہے اور اس اصطلاح مین بہی اختلاف ہے اور اگر اس اعتبار سی کہ تابعی کا قول بعینہ فعل بعینہٖ حضرت رسول صلعم کا قول اور فعل ہے تو باطل ہے اور خود فرمایا ابو حنیفہ رضی اذا جاء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فعلی الراس والعین واذا جاء عن اصحاب النبی صلعم نختار من قولہم واذا جاء من التابعین زاحمناہم رواہ البیہقی فی المدخل باسناد صحیح عن عبد اللہ ابن المبارک کذا فی التفسیر المظہری آور تقلید ہر مجتہد کے قول پر عمل کرنیکو عمل بالحدیث ہی جانتی ہین جبکہ حدیث نہو کیونکہ حدیث ہی سی مستنبط ہے اگرچہ احتمال خطا کا رکہتا ہو لیکن وہ جناب پاک جنکے رسول ہوئین اور اونکی قول کے حدیث ہونے مین کسیکو اختلاف نہین اور صحابہ رضو اور تابعین اور سب مجتہد اوسی ذات بابرکات کی قول مبارک کے تابع ہین جبکہ اونکا قول صریح صحیح محفوظ متصل الاسناد پایا جاوی اور کتب مین نظر کرنیسے اور ایک مجمع علماء متبحر کا اوسپر عمل ہونیسے ظاہر معلوم ہو کہ منسوخ بہی نہین پہر اوسکی ترک کرنیمین کیا عذر ہے فرمایا شاہ ولی اللہ رح نے اس امر مین حجۃ اللہ البالغہ مین صـ ۱۲۶ وما عذرنا یوم یقوم الناس لرب العالمین اور صـ ۱۲۱ فحینئذ لاسبب لمخالفۃ حدیث النبی صلعم الا نفاق خفی او حمق جلی سو اس فخر ذات الصفات کی قول کے مقابلہ مین کسیکے قول پر عمل نہین ہوسکتا تابعی ہو یا غیر تابعی آور ایک اور بات سمجہنا چاہیے کہ جب بعضے مقامون مین حضرت امام رح کا قول ترک کیا جاوی ساتہہ قول ابی یوسف رح اور محمد رح کے تو ساتہہ ایسی حدیث صحیح کے ترک کرنیمین کیا قباحت ہے بلکہ واسطی

١٢٥

ضرورت کے گواہونکو قسم دینے کیواسطے قول چاروں اماموںکا ترک کیا گیا
ساتھہ قول ابن ابی لیلے کے پہر اس سی زیادہ کیا ضرورت ہے کہ حدیث صحیح
رسول اللہ صلعم پر عمل نصیب ہو کہ ساری شریعت اسی کی واسطے ہے اور حضرت
ابو حنیفہ رضہ اگر ایسے حدیث کو پاتی خود اپنے قول سی رجوع فرماتی اور حدیث پر
عمل کرتے میزان الشعرانی میں ہے صـ ٢٧ انہ لو عاش حتے دونت احادیث
الشریعۃ لیعد رحیل الحفاظ فی جمعہا من البلاد والثغور وظفر بہا لاخذ بہا وترک
کل قیاس کان قاسہ باقی رہی حدیث ضعیف اوسکی تو حدیث ہی ہونہیں سکتی
ہوتا ہے پہر مقابلہ حدیث صحیح کے کیونکر مقبول ہو **ایضا** سید احمد صاحب نے
فرمایا کہ فقہ کی متون کتابیں مانند حدیث متواتر کے ہیں اوسی پر تم انکہہ موندی عمل
کرتی رہو الخ **جواب** سید صاحب نی کچہہ اور فرمایا ہوگا کہ شاید کسی سطور سمجہا
ورنہ سید صاحب ایسا کلام کیوں فرماتی کہ مخالف اصول اہل سنت کی ہو ١٢٦
حدیث متواتر کا منکر کافر ہے اور روایت متون فقہ کا منکر اگر دلیل شرعی
کے ساتھہ انکار کرے فاسق بہی نہیں ہے چنانچہ حضرات مجتہدین کی اقوال
بیچ مسائل مختلفہ کے کہ متون فقہ میں مندرج ہیں ایک کا قول دوسرے کے قول
کو رد کرتا ہے ~~البتہ بسبب~~ اصول مذہب حنفی کے یہ بات ضروری کہ کتاب
جامع صغیر اور جامع کبیر اور مبسوط اور سیر اور زیادات تصنیف امام محمد رحمہ
جنکو ظاہر الروایت کہتے ہیں ان کتابوں کی مسائل کی اسناد حضرت ابو حنیفہ
تک ایسی معتبر ہے جیسے حدیث مشہور کے اسناد حضرت پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم
تک سوا اس سی یہہ ثابت نہیں ہوتا کہ حدیث مشہور کی موجود ہوتی اوسکی خلاف
ان کتابوں کی روایت پر عمل کیا جاوی بلکہ بہر صورت ترجیح عمل بالحدیث
کو ہی چنانچہ ثابت ہو چکا **ایضا** تم مقلد ہو یا مجتہد **جواب** ہم مقلد ہیں حضرت

مجتہدین کے بیچ مسائل قیاسی اجتہادی کے اور بیچ مسائل النصی کی نہ مقلد نہ
مجتہد بلکہ عامل بالنص جیسا کہ بیان ہو چکا تحریر وغیرہ سے و دلالۃ النص یفہمہا
العوام اور یہ حصر لازم نہیں ہے کہ سوائے مقلد یا مجتہد ہونیکے تیسرا امر نہ چاہیے
بلکہ تقلید محض مسائل قیاسی اجتہادی میں ہے واسطے لاچاری کے نہ اور امر
میں کہ اچھی طرح ظاہر ہو قرآن اور حدیث سے لیکن معنی قرآن اور حدیث کے
سمجھنے میں اور صحت نقل اور صحت الفاظ میں ہمکو حاجت ہے تقلید اہل لغت
اور صرف اور نحو اور معانی اور حضرات مفسرین محققین اور محدثین اور مجتہدین
اور حافظان قرآن اور قاریوں کی سو یہ تقلید اور طرح کی ہے اور بیان صحیح
کہ ظاہر الحدیث واجب العمل بہ اور دراسات میں ہے واما الثانی وھو العمل بالحدیث
فلیس لک باجتہاد کما ہو لیس بتقلید ایضا فرمایا شیخ عبد الحق دہلوی نے بیچ شرح
۱۲۷ سفر السعادت کی وآنچہ در صحاح اخبار آمدہ بالرأس والعین وعمل بدان موجب
سعادت دنیا وآخرت است اما درین روزگار پیش این کار صورت نہ بندد و لا
الی ان قال والعہدۃ علیہم جواب انا للہ وانا الیہ راجعون موجب ظاہر
قول حضرت شیخ کے بڑی مصیبت پیش آئی کہ سعادت دنیا اور آخرۃ کی
اس زمانہ میں ہم لوگوں کو نصیب نہیں ہو سکتی اس کار سے اگر مراد عمل بالحدیث
ہے تو کچھ مشکل نہیں رفع یدین اور آمین جہر اور اذان اور اقامت اور تسبیح
اور تہلیل اور تکبیر اور درود شریف پڑہنا وغیرہ ایسے اعمال جو ظاہر حدیث سے
ثابت ہوئی ہیں جنمیں اجتہاد کی کچھہ حاجت نہیں سب صورت پذیر ہیں پس
صورت نہ بندد کی کیا معنی اور اگر مراد ہے اجتہاد کرنا تو یہاں کلام اجتہاد
میں نہیں ہے بلکہ عمل بالحدیث میں ہے اور اجتہاد بھی ہمیشہ تک انشاء اللہ
تعالی اس امت مرحومہ میں جاری رہیگا کوئی دلیل اسکی محال اور منقطع ہونے پر

قایم نہین چنانچہ انشاء اللہ تعالی اسکا بیان ہوگا اور یہ قول حضرت شیخ کا خود ادلۂ
اجتہاد معلوم ہوتا ہی اور یہ جو فرمایا والعہدۃ علیہم یہ عہدہ حضرات مجتہدین نے
اپنے ذمہ کب لیا ہے بلکہ انہوں نے فرمایا ہے اترکوا قولنا بخبر الرسول صلعم اور
اپنے خاص شاگردونکو فرمایا ہے کہ ہماری قول پر عمل نکرنا جبتک نجانو کہ ہمنے
کہان سی کہا ہی فرمایا شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب الرد علی من اخلد
الی الارض کے بیچ ان مالک وابو حنیفۃ والشافعی رح قط لاحد تقلید ہم جاشا
منہم بل انہم قد نہوا عن ذلک ولم یشحوا لاحد فیہ آور یواقیت والجواہر سی نقل کیا
عقد الجید مین وکان الامام احمد یقول لیس لاحد مع اللہ ورسولہ کلام لا تقلدنی
ولا تقلدن مالکا ولا الاوزاعی ولا النخعی ولا غیرہم وخذ الاحکام من حیث اخذوا
من الکتاب والسنۃ آور حضرت شیخ نے پہلے فرمایا بالراس والعین پھر فرمایا
صورت شبہ دو اسکی یہہ مثال کہ بچون کا کہنا سر پر لیکن پرنالہ یہان سی تو
نہین ہوسکتا **الضا** حدیث مین تو گوہ بھی حلال ہے اور حدیث پر عمل کرو
توتمکو سوریون کے پانی سی وضو کرنا پڑیگا **جواب** ہمکو اللہ تعالی نے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فرمانبرداری کا حکم دیا ہے سو حضرت کی حدیث شریف
سی جس چیز کا حلال یا پاک ہونا معلوم ہو گو وہ ہو یا سوریونکا پانی یا اور کوئی
چیز پھر اوسپر اعتراض کرنا مسلمان کا کام نہین خواہ اپنی طبیعت کو اوس چیز سے
نفرت ہو یا رغبت **بیت** گر طمع خواہد زمن سلطان دین ؛ خاک بر فرق قناعت
بعد ازین ؛ لیکن بسبب مرض تعصب تقلید کی ایسی چیزونکا ذکر وقت ذکر
عمل بالحدیث کے سوجھتا ہے نہ وقت عمل فقہ کے حالانکہ فقہ مین ایسی باتین
بہت مین شارح حام کی کیچڑ کو فقہانی حکم پاکی کا دیا اور امام مالک رح کے
نزدیک گوبر اور صورت حیوانات حلال کا پاک ہی اور بعضون کے نزدیک بیٹ

٥

حرام کی پاک ہی اور چوہی کی مینگنیان آٹی مین پس جاوین تو معاف ہین اور ہ
آتش پرست کی مزدوری کرنا واسطے جلانی آگ کی درست ہی اور بعد تشہد
اخیر کے قصداً گوز مارنے سے نماز نہین ٹوٹتی اور فتاوی عالمگیریہ مین
الّو کو حلال لکھا ہے اور طحطاوی مین فرج کی رطوبت کو پاک لکھا ہے اور
اوسی مین ہے کہ پاخانہ سی پانی بہتا اگر چوکی کے اوپر کا ہے تو پاک ہے
اور تجرید مین ہے شعر الخنزیر لیصح انہ لا یفسد الماء اسطرح کی اور بہی روایتین
ہین کہ جتنے مقلدین متعصبین کو عار نہین آتی ذرا اللہ اور رسول سی شرم تو
کرو کہ حدیث حضرت سید المرسلین کے مقابلہ مین ایسا کلام کرتی ہو واللہ باللہ
کہ ہمکو ایسی روایات فقہا پر طبیعت کی کراہت سی ہرگز اعتراض نہین اور
جو کوئی کری ہم اوسکو برا جانتے ہین کیونکہ فقہا ء مجتہدین کے اقوال حدیث
ہی سے مستنبط ہوتی ہین اور اونپر عمل کرنا حقیقت مین حدیث ہی پر عمل
کرنا ہی بلکہ مقصود یہ ہے کہ اعتراض نہ فقہ پر ہو نہ حدیث پر اور اگر کوئی مسئلہ
فقہ کا برخلاف حدیث کے معلوم ہو تو ترک کیا جاوی بسبب مخالفت حدیث
کے نہ بسبب کراہت طبع کے اور فقہا ہی ویسا ہی حسن ادب کہا جاوی
میزان مین ہے صفحہ ١٢ وسمع الامام احمد ابن ابی اسحاق السبیعی قائلا یقول
الی متی حدیث اشتغلوا بالعلم فقال له الامام احمد قم یا کافر لا تدخل علینا
بعد الیوم ثم انہ التفت الی اصحابہ وقال ما قلت ابدا لاحد من الناس لا تدخل
داری غیر ہذا الفاسق اور اوسی مین ہے صفحہ ٢٩ جمیع اقوال المجتہدین تابعۃ
لادلۃ الشریعۃ اور فرمایا مولانا محمد اسمعیل مرحوم نے بیچ ایضاح الحق کی احکام
مستنبطہ مجتہدین سابقین ہمہ از قبیل سنت حکمیہ است انتہی مختصراً الضا
مقلد کو نہین پہنچتا کہ برخلاف رای مجتہد کے کتاب اور سنت سی مسئلہ نکالی

جواب رسالہ اظہار الحق مین ہے کہ بیچ تفسیر مدارک اور کشاف کے بیچ
تحت مین قول اللہ تعالیٰ کے وآتیتم احدٰہن قنطارا کے روایت ہے حضرت
عمر رضہ سے کہ کہڑے ہوئے خطبہ پڑہتے پہر فرمایا ای لوگو نہ بڑہاؤ مہر عورتونکا
اگر بزرگ ہوتا یہہ کام دنیا مین اور تقوی اللہ کے یہان تو اولی تہی تم سے بہ
اس بات مین حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سو حضرت نے مہر نہین باندہا
کسی بیوی کا بارہ اوقیہ سے زیادہ پہر کہڑی ہوئی اونکے طرف ایک عورت
پہر اوس نے کہا یا امیر المومنین آپ کیون منع فرماتے ہین ہمارا حق جسکو دیا
اللہ نے ہماری واسطے اور اللہ فرماتا ہے اور جو دو تم اون عورتون مین سے
ایک کو ایک قنطار یعنے ڈہیر مال پہر فرمایا حضرت عمر رضہ نے ہر کوئی عمر سے
زیادہ جاننے والا ہے پہر فرمایا اپنے یارون سے تسمعونی اقول مثل ہذا القول
فتنکرونہ علی حتی ترد علی امراۃ لیست من اعلم النساء یعنے سنتے ہو تم مجہسے مین اس طرح
کہتا ہون سو تم انکار نہین کرتے ہو میری قول پر ایک عورت میرا قول رد کرتی
ہے جو زیادہ علم والی عورتون سے نہین انتہے اس حدیث سے صاف ظاہر ہے
کہ امیر المومنین خلیفہ سید المرسلین امام المجتہدین جنکے شان مین حضرت نے
فرمایا ہے لوکان نبی بعدی لکان عمر ابن الخطاب یعنی اگر میری بعد کوئی
نبی ہوتا تو عمر ابن خطاب ہوتا اور کئی بار قرآن آپ کی رائے اور اجتہاد
پر نازل ہوا ہے سو قول ایسے خلیفہ رسول کو ایک عورت کم علم نے مخالف
نص پاکر اوسپر اعتراض کیا اور اونہون نے اوسکی بات کو قبول فرمایا اور
اپنے قول پر رد وانکار کرنے کے سبب سے عتاب فرمایا انتہے مختصرا کذا فی
پہر اب جو کوئی کسی مجتہد کا قول خلاف نص پاکر قبول نکرے تو کیا حرج
ہے بلکہ یہہ عمل موافق وصیت مجتہدون کے ہے اور اسمین کچہہ ال و بے

اون حضرات کے لازم نہین آتے اور حدیث کے مقابلہ مین قول مجتہد کو ترک کرنا
اگر موجب بی ادبی مجتہد کا ہے تو مجتہد کے قول کے مقابلہ مین حدیث کو ترک کرنا
موجب بی ادبی صاحب حدیث کا ہے نعوذ باللہ منہا اور جلالین کے حاشیہ
پر مدارک سی نقل کیا ہے صـ ما لا عظیما کما مر فی آل عمران وقال عمر رضہ علی المنبر
لا تغالوا الصدقات النساء فقالت امراۃ انتبع قولک ام قول اللہ وآتیتم احدٰہن
قنطارا فقال عمر کل احد اعلم من عمر تزوجوا علی ما شئتم ف اگر کوئی غور سے
اس مسئلہ مین نظر کرے تو حضرت عمر رضہ کو خطا بھی واقع نہین ہوئی مہر کا زیادہ
کرنا کچھ مخالف اس آیت کے نہین ہے لیکن اوسوقت یون ہین آپ کی
سمجھ مین آیا کہ ہمسے خطا ہوئی مقصود یہ ہے کہ کسی بزرگ کی خطا بیان کیا اگر
بہ نیت اہانت اور بی ادبی کے ہو تو مضائقہ نہین ہے اور بزرگون کی خود
وصیت ہے کہ جو ہماری خطا معلوم ہوجاوے اوسکو ظاہر کرو اور روایت ہے ۱۳۱
کہ ایک شخص نے بیچ تحقیق معنے ان مع العسر یسرا کے خطا حضرت علی رضہ کی
پکڑی آپ نی اوسکے قول کو قبول ور اپنے خطا کا اقرار کیا بیت پسند آمد
شاہ مردان جواب :: کہ من بر خطا بودم او بر صواب ف حضرت عمر رضہ کی
یہ شان کہ اگر حضرت صلعم کے بعد کوئی نبی ہوتا تو وہ ہوتے اور حضرت علی رضہ باب
مدینۃ العلم جبکہ ایسے حضرات اپنے لاعلمی ور خطا کا اقرار کرین تو آب علماء دین
کو بھی اس امر مین ان حضرات کی خصلت اختیار کرنا چاہیے نہ پاس سخن اور التعصبا
الضنا بھلا بتلاؤ تو کونسا مسئلہ فقہ حنفی کا برخلاف حدیث کے ہے جواب
اس بات کو حضرت شیخ اکبر اور امام عبدالوہاب اور امام طیبی اور امام محمد
غزالی اور قاضی ثناءاللہ صاحب اور حضرت مرزا جانجانان صاحب اور
شاہ ولی اللہ صاحب اور مولانا اسمعیل شہید اور مولانا عبدالعزیز ملتانی اور شیخ

عزالدین عبدالسلام اور شیخ تاج الدین عثمانی اور علامہ دارکی شافعی
اور قدوری حنفی اور حضرت امام محمد رحمۃ اللہ علیہم وغیرہم حضرات محققین
سے پوچھنا چاہیے جنہون نے فرمایا ہے کہ حدیث کی مخالفت پاکر کسیکے قول پر
عمل مت کرو اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابن سیرین اور وکیع وغیرہ
حضرات سے پوچھنا چاہیے جنہون نے حدیث کے مقابلہ مین کسیکے قول کو
لانے پر تشدد فرمایا ہے بلکہ حضرات مجتہدین اور خاص حضرت ابوحنیفہ رحمہ اللہ
سے پوچھنا چاہیے جنہون نے فرمایا ہے اترکوا قولی بخبر رسول اللہ صلعم
ایضاً حضرت ابوحنیفہ نے حدیث پر عمل کرنیکے واسطے ہر کسی کو اجازت
نہین دی بلکہ خاص حضرت ابو یوسف اور محمد کو کہ خود مجتہد اور حدیث
کے سمجھنے والے اور حضرت ابوحنیفہ کے سامنے تھے جواب کہین یہ
نہ کہہ بیٹھو کہ آیۃ کریمہ یا ایہا الذین امنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول کا
حکم پیغمبر خدا نے ہر کسیکو نہین دیا بلکہ خاص ان لوگون کو کہ خود حضرت کے
اصحاب اور قرآن اور حدیث کے سمجھنے والے تھے اور حضرت ابو یوسف
اور محمد کہ جنہون نے صدہا مسائل مین حضرت ابوحنیفہ رضہ کے روبرو حضرت
ابوحنیفہ سے خلاف کیا اور مسائل کو قرآن اور حدیث سے اخذ کیا وہ تو عامل
بالحدیث تھے ہی انکو ترغیب دینا اس بات پر کہ اترکوا قولی بخبر الرسول
کیا ضرور تھا بلکہ عبث اور فضول تھا اور یہہ تو فرمائیے کہ آیا حضرت شیخ اکبر
اور امام عبدالوہاب اور طیبی وغیرہ ان حضرات نے بھی امام ابو یوسف اور
محمد کو عمل بالحدیث کی تاکید فرمائی ہے اور ایک اور بات مین پوچھتا ہون
اسکا جواب اللہ سے شرم کرکر دیجیے کہ آیا رسول اللہ کی حدیث پر عمل کرنیکے
واسطے کسی مسلمان کو حاجت ہے کہ حضرت ابوحنیفہ یا کسی امام صاحب سے اجازت

طلب کریں بلکہ حضرت ابو حنیفہ رضہ یا کسی اور صاحب کی متابعت کرنی کے
واسطے اجازت شرط ہے حضرت رسول اللہ صلعم کی اور اگر کہو کہ احتمال ضعیف
یا منسوخ ہونی یا معنی نہ سمجھنے حدیث کا عذر ہے حدیث پر عمل نکرنیکا تو ایسے
عذرونکا جواب اس بحث مین بخوبی دیا گیا ہے اور اسیواسطے نقل کیے گئے
مین قول بعضے بزرگان دین کے ایضا مسلمانون کو لازم ہی کہ غیر مقلدون
کی باتون کیطرف خیال نکرین اور جس طریقہ پر کہ اکابر علماء امت و ہزارہا
اولیاء اللہ محبوب خدا کے چلتے رہے ہین اوسی پر چلین جواب مسلمانونکو
لازم ہے کہ کسی متعصب مقلد یا غیر مقلد کی باتون کی طرف خیال نکرین
اور جس طریقہ پر کہ اکابر علماء امت اور ہزارون اولیاء اللہ مقبول خدا کا
کہ اوّل اونکے صحابہ کرام رضہ اور پہر تابعین اور مجتہدین مین اجماع ہو چکا ہے
اوسی پر چلین اور یہی فرمایا ہے اللہ اور رسول نی ومن یشاقق الرسول
من بعد ما تبین لہ الہدی ویتبع غیر سبیل المومنین الایۃ ما انا علیہ واصحابی اصحابی
کالنجوم بحدیث الناس لکم تبع اتبعوا السواد الاعظم اور امر اختلافی کو رجوع
کرین طرف کلام اللہ اور رسول کے اور سنت خلفای راشدین کے فرمایا حقتعالے
نے فان تنازعتم فی شئی فردوہ الی اللہ والرسول الایۃ اور فرمایا حضرت صلعم نے
فعلیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین الحدیث ایضا اس آیت کریمہ مین
اولی الامر سی مراد ہین امیر لشکر کے نہ حضرات مجتہدین اور بیضاوی مین ہے
اذ لیس للمقلد ان ینازع المجتہد فی حکمہ بخلاف المروس جواب تفسیر مظہری
مین بیچ تحت اسی آیۃ کریمہ کے وکذا یشتمل الفقہاء والعلماء والمشائخ بل
اولی لانہم ورثۃ الانبیاء وقالوا احکام اللہ ورسولہ اور اوسی مین ہے مسئلہ
اذا افتی المجتہد وظہر ان فتواہ مخالف للکتاب والسنۃ وجب علینا اتباع الکتاب والسنۃ

اور لکہا جہگڑا نہ مجتہد سی چاہا نہ رئیس سے نہ اور کسی شی تفسیر جلالین مین ہے
تحت اسی آیت کے ذلک ای الرد الیہما خیر لکم من التنازع والقول بالرای
اور فرمایا اللہ تعالے نے ولا تنازعوا الآیۃ اور وقت ملنے آیت یا حدیث صحیح
مخالف قول کسیکے یا واسطے ضرورت تو ہی کے جہگڑا معقول کرنا خالی نفسانیت
سے ہر کسی سی ورستے چنانچہ اوس عورت نی مہر کے مسئلہ مین حضرت عمر رض
جہگڑا اکیا اور آپ نی اوسکا قول قبول کیا اور حقتعالی نی فرمایا قد سمع اللہ
قول التی تجادلک فی زوجہا اور فرمایا وجادلہم بالتی ہی احسن اور یہہ
کب کہتے ہین کہ مقلد مجتہد سی جہگڑنے لگے بلکہ یہہ کہتے ہین کہ اگر مجتہد کا
قول خلاف حدیث کی معلوم ہو اوسکو ترک کری **ایضا** مولوی اسماعیل
عالم کو پہنچتا ہے کہ حدیث پر عمل کرے **جواب** جس عالم محقق کو اپنی تحقیق
سی اور جس عامی کو عالم کی تقلید سی معلوم ہو گیا کہ حدیث شریف مین یون
آیا ہی اوسکو پہنچتا ہے کہ حدیث پر عمل کری **ایضا** مولانا محمد اسحاق رح
لامذہبون پر بہت خفا ہوتی تہی اور لامذہبون نی فلانی فلانی جگہہ بہت مار
کہائی اور فلان فلان شہر سی نکالی گئے اور مکہ معظمہ سے نکالی گئے اور سید
احمد صاحب نی ایک لامذہبی کو اپنے قافلہ سے نکلوا دیا اور ہر جگہہ لامذہبی
ذلیل ہی رہی **جواب** اگر لامذہبون سی مراد وہ کہتے ہو حدیث پر عمل
کرنیوالے تو ایسے شخصون پر مولانا ممدوح ہرگز خفا نہین ہوتی تہی بلکہ
مولانا مظفر حسین مرحوم سی سنا گیا ہے کہ ان لوگون سی مولانا اسحاق مرحوم
محبت رکہتے تہے البتہ بعضے مفرط نافہم بیعلم کہ دعوی عمل حدیث کا کرکے
اور کتب فقہ اور فقہا کو سورا دیتے یا دکرتے الیون پر ضرور خفا ہوتی ہو
اور جو کوئی حدیث کی مقابلہ مین فقہا کے قول کو لا دی ایسی شخص پر بہی لا

۱۳۴

محمد اسحاق مرحوم خفا ہوتی تھے مولانا مظہر حسین مرحوم نے نقل فرمایا کہ ایکدن
میں ایک شخص نے کہا کہ حدیث میں ایسا آیا ہے اوسنے کہا ہم اوسپر عمل
نہیں کرتے یا یون کہا کہ ہم نہیں مانتے امام صاحب کا قول اسکے برخلاف ہے
مینے یہ ماجرا مولانا اسحاق صاحب کیخدمت مین گذارش کیا بغیر لیئے نام
اوس شخص کے مولانا صاحب نے فرمایا ایسا کلمہ بولنے والا کافر ہے آور مارکہانا
اور شہر سے نکالاجانا اور ذلیل ہونا اگر بسبب عمل حدیث کے نصیب ہوا تو
۹ زہی طالع زہی دولت زہی بخت ؎ مظلوم ہوئی اور ثواب پایا مظلوم
اور ذلیل ہونیسے بدمذہب ہونا ثابت نہیں ہوتا حضرت امام بخاری اور
حضرت امام ابو حنیفہ اور حضرت امام احمد حنبل اور سوائی انکے اور بزرگان
دین نے ظالمون کے ہاتہ سے ایذائین پائین حضرت کی اہل بیت پر یزید
اور مروانیون کے ہاتہ سے کیا کیا ظلم ہوئی ظالم جب حجت شرعی سے بے دلیل
ہوجاتی مین تو اونکو ظلم اور نکالدینا ہی سوجہتا ہے فرمایا اللہ تعالی نے فما کان
جواب قومہ الا ان قالوا اخرجوا آل لوط من قریتکم الایۃ ایضًا قالوا انا تطیرنا
بکم لئن لم تنتہوا لنرجمنکم ولیمسنکم منا عذاب الیم ایضًا وقال الذین کفروا لرسلہم
لنخرجنکم من ارضنا او لتعودن فی ملتنا الایہ ایضًا وہموا باخراج الرسول الایہ
ایضًا وکاین من قریۃ ہی اشد قوۃ من قریتک التی اخرجتک اہلکنا ہم فلا
ناصر لہم اور مکہ معظمہ سے بعضے شخص بے تحقیق بہ تہمت وہابیت نکالی گئی
ہیے لیکن محققین حضرات مکہ نے بعد تحقیق پہر اونکو طلب فرمایا چنانچہ مولوی
عبد اللطیف صاحب اور مولوی محمد صاحب سہارنپوری سلمہما اللہ تعالی
اونہین مین سی مین کہ اب تلک مکہ معظمہ مین موجود ہین اور شہر سے نکال دینا
بعضے وقت بلحاظ مصلحت بہی ہوتا ہے بدون قصور کے چنانچہ حضرت

ابو ذر رضہ کو حضرت عثمان رضہ نے مدینہ منورہ سے نکلوا دیا تہا اور آخیر عمر تک حضرت ابو ذر مدینہ منورہ سے باہر ہی رہے اور حضرت ابو ذر کی بزرگی کی قایل سب صحابہ تہے اسیطرح احتمال ہے کہ حاکم نے ان بزرگون کو اور سید احمد صاحب نے اوس شخص کو جسکو تم لامذہبی کہتے ہو کسی مصلحت کیواسطے نکالدیا یا وہ شخص مفسد ہوگا

ایضا بعضے صاحب بڑی خفگی سے فرماتے ہین کہ یہ حدیث تمکو ملی کیا امام صاحب کو نہ ملی تہی سو اسکا **جواب** ہم نہایت نرمی سے گذارش کرتے ہین کہ ہو سکتا ہے کہ بعضے حدیثین امام صاحب کو یا کسی اور مجتہد کو نہ ملین ہون یا ملین ہون لیکن اونکے نزدیک صحیح نہوئی ہون یا یاد نہ رہی ہون اور ہمکو نقل صحیح ملی ہون جنسے اونسے حاصل کرلے اسمین کچہ حضرت امام کی شان کم نہین ہوتی اور اگر یہی ہوتا کہ حضرات مجتہدین ہر حدیث پر حاوی ہوتے ہین تو وہ حضرات یہ وصیت کیون کرتے کہ ہماری اقوال کو حدیث کے سامنے چہوڑ دیجیو آپ ذرا غصہ کو موقوف کرکے اقوال محققین بزرگان دین پر کہ کچہ اونمین سے بیان ہو چکے ہین اور وصیت ائمہ اربعہ پر نظر فرماوین تا جواب اسبات کا سمجہ مین آوے اور امام صاحب کی وقت مین کہ وہی زمانہ حضرت سفیان اور اوزاعی وغیرہما کا تہا اتنی حدیثین مدون نہ تہی جتنی اونکی بعد محدثون کو ملین جیسا کہ رسالہ انصاف اور کتاب حجۃ اللہ البالغہ مین ہے بیچ بیان حال اہل حدیث کی صفحہ ۱۵۳ فاجتمع باہتمام اولئک من الاحادیث والآثار مالم یجتمع لاحد قبلہم وتیسر لہم مالم یتیسر لاحد قبلہم انتہی اور اوسی مین ہے وظہر علیہم احادیث کثیرۃ لم تظہر علی اہل الفتوی من قبل قال الشافعی لاحمد انتم اعلم بالاخبار الصحیحۃ منا فاذا کان خبر صحیح فاعلمونی حتی اذہب الیہ کوفیا کان او بصریا او شامیا حکاہ ابن الہمام وذلک لانہ کم من حدیث صحیح

۱۴۷

لا یرویہ الا اہل بلدۃ خاصۃ کافراد الشامیین والعراقیین او اہل بیت کنسخۃ
برید عن ابی بردۃ عن ابی موسی ونسخۃ عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہٖ
او کان الصحابی مقلا خاملا لم یحمل عنہ الا شرذمۃ قلیلون فمثل ہذہ الاحادیث
یغفل عنہا عامۃ اہل الفتوی اجتمعت عندہم آثار فقہاء کل بلد من الصحابۃ و
التابعین وکان الرجل فیما قبلہم لا یتمکن الا من جمع حدیث بلدہ واصحابہ
اور اوسی میں ہے وکان تخمین سفیان ووکیع وامثالہما یجتہدون غایۃ الاجتہاد
فلا یتمکنون من الحدیث المرفوع المتصل الا من دون الف حدیث کما
ذکرہ ابو داود السجستانی فی رسالتہ الی اہل مکۃ وکان اہل ہذہ الطبقۃ
یروون اربعین الف حدیث فما یقرب منہ بل صح عن البخاری انہ اختصر
صحیحہ من ستۃ مائۃ الاف حدیث وعن ابی داود انہ اختصر سننہ من
خمسۃ الاف حدیث وجعل احمد مسندہ میزانا یعرف بہ حدیث رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم فما وجد فیہ ولو بطریق واحد منہ فلا اصل والا فلا اصل
لہ الخ اور ترجمہ مشکوۃ شریف میں ہے کہ وقت تصنیف بخاری کی چھ لاکھ
حدیثیں امام بخاری کے پاس موجود تھی چنانچہ بیان ہو چکا اور تنویر العینین
تصنیف مولانا اسمعیل شہید میں ہے رب تحقیق عالم وسیع اختفی علیہ مسئلۃ یتفق
علیہا ویکون مشہورۃ قبلہ فان مالکا مع کونہ اعلم من الثوری علی ما شہد
بہ اقوال الفقہاء قد خفی علیہ وضع الید علی الاخری فی الصلوۃ وحکم
انہ حکم بالارسال مع انہ کان مشہورا فی القرن الاول واتفق علیہ اکثر
العلماء فی القرن الاخر بلکہ صحابہ کرام رض سلاز ماں خدمت حضرت
خیر الانام علیہ السلام کہ جنکا علم اور فضل سب مجتہدین کے علم اور فضل سے برتر ہے
چنانچہ فرمایا شافعی رض نے والصحابۃ فوقنا فی کل علم واجتہاد وورع وعقل

ورلی کل امر استدرک برعلم کنا الی المیزان جیسے اور اونمین بہی خاص الخاص
چنانچہ حضرت ابن عمر رضہ کہ صحابی ابن صحابی اور فقیہ اجل ہین اور حضرت
ابو ہریرہ رضہ حافظ حدیث کہ بسبب کثرت روایت حدیث کے اونکی بابت
بزبان بخاری شریف کو دیوان ابو ہریرہ کہتے ہین اور حضرت ابن مسعود رضہ
کہ جنکا وسعت علم اور کثرت اجتہاد اور دوام صحبت ساتہ رسول خدا صلی اللہ
علیہ وسلم کے مراتب علم جانا ہے اور حضرت علی رضہ کہ دروازہ شہر علم کے اور حضرت
عمر رضہ کہ بعد حضرت کے کبھی نبی ہوتی تو وہ ہوتی اور حضرت صدیق اکبر بالاتفاق
اون سب سے افضل ہین وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین ان حضرات کو بہی
بہت حدیثین نہین معلوم ہوتی تہین اوروں سے دریافت کرتے تہے چنانچہ
فرمایا حضرت مرزا جانجانان رحمۃ اللہ نے مکتوب ۱۲ مقامات مظہریہ مین وخفی
نیست کہ ہیچ یکے از علمای امت جمیع احادیث را احاطہ نکردہ بہت بعضے از
انہا فوت شدہ وچرا فوت نشود کہ مثل خلفای راشدین کہ اعلم این امت
وملازم صحبت جناب رسالت صلی اللہ علیہ وسلم بودند بعض احادیث از ایشان
نیز فوت شدہ ومیدانند اینخبر را ہر کہ معرفت بفن حدیث دارد اور داری
مین ہے فقد کان ابو بکر الصدیق رضہ وعمر بن الخطاب رضہ خلیفتا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم ووزیراہ وخیر الناس بعدہ فی حال امتہما یسألان عن الحکم
فلا یعرفان فیہ من سنۃ حتی یسألا الناس فیخبرا اور حجۃ اللہ البالغہ مین
ہے صـ ۱۴۵ کہ حضرت صدیق اکبر رضہ کو کسی قضیہ کا فیصلہ جبکہ اول قرآن
مین پہر حدیث مین نپاتے تو لوگون سے حضرت کی حدیث اوس امر مین طلب
کرتے پس اکثر کئے شخص جمع ہوکر اوس باب مین حضرت کی حدیث
بیان کرتے تو حضرت صدیق اکبر رضہ فرماتے الحمد للہ الذی جعل فینا من یحفظ

۱۲۸

اور تنویر العینین میں ہے صـ ۲۹ فقد خفے علی الاجلۃ من الصحابۃ اشیاء
کثیرۃ قد خفی علے ابن مسعود الاخذ بالرکبۃ فی الرکوع وکان یطبق یدیہ علی الاول
وخالف الصحابۃ کلہم فی ذلک وخفی علی علی الفاضرمتہم امہات الاولاد
وعلی عمر تطہیر المتیمم من الجنابۃ ومثل ہذا کثیر اور حاشیہ صحیح بخاری میں ہے
صـ ۵۲۹ اور ۱۳۰ قال فی المجمع کان یقرء والذکر والانثے حیث انزل
اولا کذلک ثم انزل وما خلق الذکر والانثی فلم یسمعہ ابن مسعود وابو الدرداء
وسمعہ سائر الناس واثبتوہ فہذا کظن عبد اللہ ان المعوذتین لیستا من القرآن
اور رسالہ انصاف میں ہے ولذلک کان الشیخان ابوبکر وعمر رض اذا لم یکن
لہما علم فی المسئلۃ یسألان الناس عن حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اور اوسی میں ہے روایت نسائی وغیرہ سے ان ابن مسعود رض سئل عن
امرأۃ مات عنہا زوجہا ولم یفرض لہا فقال لم ار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقضی فی ذلک فاختلفوا علیہ شہرا والحوا فاجتہد برأیہ وقضی بان لہا مہر
نسائہا لا وکس ولا شطط وعلیہا العدۃ ولہا المیراث فقام معقل بن یسار
فشہد بانہ صلے اللہ علیہ وسلم قضے بمثل ذلک فی امرأۃ منہم ففرح بذلک ابن
مسعود فرحۃ لم یفرح مثلہا قط بعد الاسلام ف اسیطرح جو احادیث
کہ بعضے حضرات مجتہدین کو نہیں ملی یا ملیں لیکن صحیح نہیں ہوئیں اگر
ونکو بصحت نقل ملتیں تو مثل حضرت صدیق اکبر اور ابن مسعود کے
ہایت سے خوش ہوتی ایسا اونکے مقلدوں کو بھی حدیث کے ملنے پر
خوش ہونا اور عمل کرنا چاہیے نہ خفا ہونا اور اوسی رسالہ میں ہے
ان ابا ہریرۃ رض کان من مذہبہ انہ من اصبح جنبا فلا صوم لہ حتے اخبرتہ
بعض ازواج النبی صلے اللہ علیہ وسلم بخلاف مذہبہ فرجع اور اوسی میں ہے

۱۳۶

۱۴۷

روی الشیخان انہ کان من مذہب عمر بن الخطاب ان التیمم لا یجزی الجنب
الذی لا یجد ماء فروی عندہ عمار انہ کان مع رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم فی سفر فاصابتہ جنابۃ ولم یجد ماء فتمعک فی التراب فذکر ذالک
لرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم انما
کان یکفیک ان تفعل ہکذا وضرب بیدیہ الارض فمسح بہما وجہہ ویدیہ فلم
یقبل عمر ولم ینہض عندہ حجۃ لقادح خفی راٰہ فیہ (وہو عدم تذکرہ رضہ ایضا مع
حین قال عمار کنت انت حاضرا فی تلک الواقعۃ) حتی استفاض الحدیث
فی الطبقۃ الثانیۃ من طرق کثیرۃ واضمحل القادح فاخذوا بہ اور اوسی مین
ہے اخرج مسلم ان ابن عمر کان یامر النساء اذا اغتسلن ان ینقضن رؤسہن
فسمعت عائشۃ رضہ بذلک فقالت یا عجبا لابن عمر ہذا یامر النساء ان
ینقضن رؤسہن افلا یامرہن ان تحلقوا رؤسہن لقد کنت اغتسل انا
ورسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم من اناء واحد وما ازید علی ان افرغ علی
راسی ثلاث افراغات آور باوجود کثرت احادیث کے بیچ فضیلت نماز
ضحے کے حضرت صدیق اکبر رضہ اور حضرت ابن عمر رضہ کو اس نماز کا مسنون
ہونا معلوم نتہا چنانچہ مشکوۃ شریف مین ہے صـ ۱۰۹ وعن مورق العجلی
قال قلت لابن عمر تصلے الضحے قال لا قلت فعمر قال لا قلت فابوبکر
قال لا قلت فالنبے صلی اللہ علیہ وسلم قال لا اخالہ رواہ البخاری آور
اوسکے حاشیہ مین نقل کیا شرح السنۃ سے واما ما روی عن ابن عمر انہ
قال صلوۃ الضحے بدعۃ فمحمول علے ان صلوتہا فی المسجد والتظاہر بہا کما
یفعلون بدعۃ لان اصلہا ان تصلے فی البیوت او نقول ان ابن عمر لم
یبلغہ فعل النبے وامرہ بذلک او قال المواظبۃ بدعۃ اور اوسی مین ہے

روی عن ابی بکرۃ انہ رای ناسا یصلون الضحے فقال انہم یصلون صلوۃ
ما صلاہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اگر کوئی کہے کہ ابن عمر رض کو سنت ہونا اس
نماز کا تو معلوم تہا لیکن اونہون نے اس نماز پر مداومت اور محافظت
کرنیکو یا اسکے مسجد مین پڑہنے کو بدعت کہا ہے. تو اسکا جواب یہہ ہے کہ
یہ محض احتمال ہے اور احتمال سے استدلال نہین ہوسکتا اذا تطرق بہ
الاحتمال بطل الاستدلال اور اگر بالفرض یہ احتمال صحیح ہے تو وہ حدیثین
کہ جنسے اس نماز پر مواظبت اور محافظت کرنا اور مسجد مین پڑہنا ثابت
معلوم ہوتا ہے حضرت ابن عمر کو معلوم نہین بہر صورت حضرت ابن عمر کو
نہونا علم بعضے حدیثون کا اور نہ قبول کرنا علما کا قول حضرت ابن عمر رض کو
ان امرین ثابت ہوا اور حدیثین مواظبت اور مسجد مین پڑہنے کی یہ ہین
مشکوۃ شریف مین صہ ۱۰۸ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم من حافظ علی شفعۃ الضحے غفرت لہ ذنوبہ وان کانت مثل زبد
البحر رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ ایضا عن معاذ بن انس الجہنی قال قال
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم من قعد فی مصلاہ حین ینصرف من صلوۃ
الصبح حتے یسبح رکعتی الضحے لا یقول الا خیرا غفر لہ خطایاہ وان کانت
اکثر من زبد البحر رواہ ابو داؤد اور مظاہر حق مین ہے صہ ۵۵ ہیہ قول
ملا علی حنفی رہ کے پس صواب یہ ہے کہ کہا جاوی کہ مواظبت کرنی اسپر
مستحب ہے اور یہی مذہب ہے اکثر علما اور مشایخ کا انتہے اور باوجود کثرت
احادیث کے بیچ تعذیب میت کے بسبب رونی اہل او سکے حضرت عایشہ رضہ
فرماتی ہین لا واللہ ما حدث رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان المیت
یعذب ببکاء اہلہ الحدیث کذا فی المشکوۃ صہ ۱۵۴ پس بہر صورت نہونا

۱۴۱

علم لعض صحابہ کو تھا اصحاب کبار کو اور نہ قبول کرنا علما کا قول ذکیا ثابت
ہوا پہر اگر وقت ملنے حدیث کے کسی مسئلہ مین قول حضرت ابو حنیفہ رح
یا کسی اور مجتہد کا ساتہ ایسے احتمالات مناسبہ کے ترک کیا جاوے تو کیا
حرج ہے اور میزان الشعرانی مین ہے صہ ۷ واعتقادنا واعتقاد
کل منصف فی الامام ابی حنیفۃ رحمہ لقرینۃ ما رویناہ آنفاً عنہ من ذم الرای
والتبری منہ ومن تقدیم النص علی القیاس انہ لو عاش حتی دونت
احادیث الشریعۃ لبعد رحیل الحفاظ فی جمعہا من البلاد والثغور وظفر بہا
لاخذ بہا وترک کل قیاس کان قاسہ وکان القیاس قل فی مذہبہ کما
قل فی مذہب غیرہ بالنسبۃ الیہ لکن لما کانت ادلۃ الشریعۃ متفرقۃ
فی عصرہ من التابعین وتابع التابعین فی المداین والقری والثغور
کثر القیاس فی مذہبہ بالنسبۃ الی غیرہ من الائمۃ ضرورۃ لعدم وجود
النص فی تلک المسائل التی قاس فیہا بخلاف غیرہ من الائمۃ فان
الحفاظ کانوا قد رحلوا فی طلب الاحادیث وجمعہا فی عصرہم من المداین
والقری ودونوہا فجاوبت احادیث الشریعۃ بعضہا بعضاً فہذا کان
سبب کثرۃ القیاس فی مذہبہ وقلتہ فی مذاہب غیرہ ویحتمل ان الذی
اضاف الی الامام ابی حنیفۃ انہ یقدم القیاس علی النص ظفر بذلک
فی کلام مقلدیہ الذین یلزمون العمل بما وجدوہ عن امامہم من القیاس ویترکون
الحدیث الذی صح بعد موت الامام فالامام معذور واتباعہ غیر معذورین
وقولہم ان امامنا لم یاخذ بہذہ الحدیث لاینہض حجۃ لاحتمال انہ لم یظفر بہ
او ظفر بہ لکن لم یصح عندہ وقد تقدم قول الائمۃ کلہم اذا صح الحدیث فہو مذہبنا
ولیس لاحد معہ قیاس ولا حجۃ الا طاعۃ اللہ ورسولہ بالتسلیم

۱۴۴

۱۴۳

انتہے وہذا الامر الذی ذکرناہ یقع فیہ کثیر من الناس فاذا وجدوا من صحاب امام مسئلۃ جعلوہا مذہبا لذلک الامام وہو تہور فان مذہب الامام حقیقۃ ہو ما قالہ ولم یرجع عنہ الی ان مات لا ما فہمہ اصحابہ من کلامہ الخ اور فرمایا ابو شامہ رحمہ نے بیچ کتاب موءمل کے وقد کانت العلماء فی الصدر الاول معذورین فی ترک ما لم یقفوا علیہ من الحدیث لکون الحدیث لم تکن حینئذ فیما بینہم مدونۃ انما کانت تتلقی من افواہ العلماء وہم یتفرقون فی البلدان وقد زال ذلک العذر وللہ الحمد بجمع الاحادیث المحتج بہا فی کتب بوبوہا وقسموہا وسہلوا الطریق الیہا وبینوا ضعف کثیر منہا وصحتہ وتکلموا فی عدالۃ الرجال وجرح المجروح منہم وفی علل الاحادیث ولم یدعوا المستعمل ما یتعلل بہ وفسروا القران وتکلموا فی غریبہا وفقہہا وکل ما یتعلق بہا فی مصنفات عدیدۃ جلیلۃ وآلات مہیاۃ الخ اور رسالہ عمل بالحدیث مین ہے ہرچند درین باب ثواب سعی و رسند وجمع برای متقدمین اکثر ہست اما فضیلت زیادتی علم احادیث برای محدثین متاخرین حاصل آمد مانند کسیکہ وارث گشت ترکہ پدر و مادر و خواہر و جد خود را پس لیتہ وارث در غنا وکثرت اموال زیادہ خواہد شد از مورثان اگرچہ آن اموال جملہ از کسب کردہ ہمان مورثان است پس اکثر احادیث بالشرط سند بموجب مقتضای وقت باکثر محدثین نرسیدند ایضاً جبکہ تمنے مسئلہ فقہیہ ساتھہ حدیث بخاری کے چھوڑکر حدیث پر عمل کیا تو اوس مسئلہ مین تمنے ابو حنیفہ کے تقلید چھوڑکر بخاری کی تقلید کری سو تقلید بہرصورت باقی رہے پہر ابو حنیفہ کی تقلید مین کیا قباحت ہے جواب اول تو ہر مسئلہ فقہ کا قول ابو حنیفہ کا نہین ہے چنانچہ بیان ہوچکا

اور تقلید کو برا کون کہتا ہے اور بخاری کی تقلید کرنی بیچ صحت نقل
الفاظ حدیث کے نہ بیچ عمل کرنیکے مسئلہ پر اور بخاری کی تقلید صحت
حدیث مین ایسے ہے جیسے صاحب ہدایہ کی تقلید صحت قول مجتہدین
بخاری سند حدیث کی پہنچاتا ہے حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
تلک اور مصنف ہدایہ نقل کرتا ہے کتب تصنیف امام محمد سے اور جیسا
بخاری کی حدیث پر عمل کرنا اتباع ہے قول حضرت رسول صلعم کا ایسا ہی
ہدایہ کے مسئلہ پر عمل کرنا تقلید ہے قول اور قیاس حضرت ابو حنیفہ اور انکے
شاگردون کی پھر حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع مین کیا تحقیق
ہی اور اگر یہہ کہو کہ ان حضرات کا قول بھی مستنبط حدیث ہی سے ہی تو
ہم کہینگے وہ قول اور قیاس مستنبط ہے حدیث سے اور یہہ خود حدیث
بعینہ موجود ہی اور نقل اور مستنبط مین اور موجود اور غیر موجود مین بڑا
فرق ہے سعہ جب اصل ملے تو نقل کیا ہے یہان وہم وگمان کو
دخل کیا ہے ایضاً حدیث پر عمل کرنا اوس شخص کو پہنچتا ہے کہ صحاح
ستہ وغیرہ کتب حدیث پڑہا ہو اور ناسخ اور منسوخ اور قوی اور ضعیف کو
پہچانتا ہو جواب اگر یہی قاعدہ ٹہیک ہی تو فقہ پر عمل کرنا بھی اوس
شخص کو پہنچتا ہے کہ مبسوط اور زیادات اور جامع صغیر اور جامع کبیر
اور سیر اور محیط وغیرہ کتب فقہ پڑہا ہو اور روایت فقہی مرجوح عنہ
اور غیر مرجوح اور قوی اور ضعیف اور راجح اور مرجوح کو بخوبی جانتا
اسکے کیا معنے کہ فقہ پر عمل کرنا مفتاح الجنۃ اور نجات المومنین ملکہ کنز المصلی
کے پڑہنے والیکو درست ہو اور حدیث پر عمل کرنا اوسیکو درست ہو کہ
سب کتب اصول حدیث پڑہا ہو فرمایا حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے

١٤٥

بلغوا عنی ولو آیۃ ایک بزرگ نے ایک حدیث کی طلب مین آنی جانی کا منو
منزل کا سفر اختیار کیا یعنے مدینہ منورہ سے دمشق کو گیا چنانچہ مشکوۃ شریف
کے کتاب العلم مین ہے ایضا یعنے وقت رفع یدین اور آمین جہر وغیرہ
کی حدیث پر عمل کرنیسے فساد پیدا ہوتا ہے اور جاہل لوگ بد اعتقاد ہوکر
اور مسائل ضروری بہی قبول نہین کرتے جواب ایسی امور مستحبات مین
اگر ایسی موقع پر جہان بظن غالب فساد کا خوف ہو ایسی امور کو مصلحت
کیواسطے موقوف رکہا جاوے تو مضایقہ نہین مولانا اسمٰعیل شہید مرحوم نے
بہی واسطے مصلحت کے چند مدت تک رفع یدین نہین کیا بلکہ حضرت رسول
کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے برعایت مصلحت وقت چہوڑ دیا تہا زمین بیت اللہ
شریف کو عمارت کعبہ سے باہر رکہا اور ابو ذر رضہ کو واسطے مخفی رکہنے اسلام
فرمایا چنانچہ صحیح بخاری مین ہے یا اباذر اکتم ہذا الامر وارجع الی بلدک فاذا بلغک
ظہورنا فاقبل لیکن وہ عاشق رسول اپنے نفس کو ضبط نکرسکا اور کہا والذی
بعثک بالحق لاصرخن بہا بین اظہرہم سو مصلحت اور موقع وقت کی رعایت
ضرور رکہنا چاہیے خصوص علما اور واعظون کو اور فرمایا اللہ جل شانہ
نے ادع الی سبیل ربک بالحکمۃ والموعظۃ الحسنۃ اور ایک کہا گیا ہے
کہ یکے من علم زیادہ من عقل ہے بایں سو علما کو ضرور ہے کہ وعظ وغیرہ
اوقات مین فرضون اور واجبون کو سنتون پر اور سنتون کو مستحبات
پر اور مسائل اتفاقی کو اختلافی پر مقدم رکہین اور اول ہی مسائل اختلافی
اور مستحبات مین مخلوق خدا کو تنگ نہ پکڑین یعنی جس بستی مین لوگ
شرک اور بدعت اور محرمات اور اخلاق ذمیمہ مین مبتلا اور بے نماز اور
مانع زکوۃ اور اور طرح طرح کے فاسق ہون ایسے مقام مین اول ان امور

خطبہ کو بیان کرنا چاہیے نہ اول ہی رفع یدین وغیرہ مستحبات اور مخالفات کو
اسکے یہہ مثال کہ جیسے ایک شخص ننگا سر یا برہنہ ہو تو اول اوسکو نصیحت
ڈہانکنے ستر غلیظہ کے کرنیکو مقدم رکہنا چاہیے نہ عمامہ اور شملہ کے لیکن
اتنا لحاظ ضرور چاہیے کہ مبادا نفس اور شیطان کی شرارت سے مداہنت
اور خلاف مصلحت کو مصلحت قرار دیا جاوے اور بڑی بڑی امور دین
اور واجبات کی ترک لازم آوے چنانچہ بعضے خبیث ننگ دنیا کہتے ہین
کہ بیوہ عورت کا نکاح کرنا اور بیٹیون کو میراث دینا اگرچہ امر مشروع اور
حکم خدا ہے لیکن بمقتضای شرافت قوم اور تکلیف تقسیم وغیرہ ضرور تون
کے مصلحت یہی ہے کہ اس زمانہ مین ایسی امور کو رواج ندین منہ کالا ایسی
شخصون کا کہ مفسدہ کو مصلحت قرار دیکر شریعت کے احکام کو بدلتے ہین
اور کبہی ایسا ہی ہوتا ہے کہ بعضے صاحب ایک امر کو مصلحت سمجہتے ہین لیکن ۱۴۶
محققین مبصرین اکابر دین بسبب مخالف ہونے اوس امر کے ساتہہ حکم اللہ
اور رسول کے اوسکو مصلحت نہین جانتے چنانچہ مولانا قطب الدین مرحوم
رحمۃ اللہ علیہ لکہتے ہین مظاہر حق کے باب الاضحیہ مین کہ خلاصہ مضمون اسکا
یہہ ہے کہ مروان نے خطبہ کو مقدم کیا نماز پر واسطے اس مصلحت کی کہ مبادا
نماز کے بعد لوگ خطبہ کا انتظار نکرین حضرت ابوسعید خدری رضی تین بار
خدا کی قسم کے ساتہہ مروان کے قول کو رد کیا اور جماعت مین شریک نہ
ہوئی اور احیاء العلوم مین ہے کہ مروان نے واسطے خطبہ عید کی بسبب
کثرت آدمیون کے منبر احداث کیا ابوسعید رضی اس کام کو بدعت سمجہکر
انکار کیا انتہی ملخصا اور روضۃ الاحباب مین مرقوم ہے کہ وقایع سال
اا کے ہجرت سے کہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسامہ بن

١٤٧

کو واسطے حرب روم کے امیر لشکر کا کرکے بیر کے دن رخصت کیا اور اوسیدن انتقال فرمایا بعد دفن حضرت کے خبر پہنچی کہ بعضے قبایل عرب کی مرتد ہوئی بعضے صحابہ رضہ نے چاہا کہ جب تلک مرتدون کے فتنہ سی فراغت ہو کوچ کرنا اسامہ رضہ کا موقوف رہے واسطے اس مصلحت کے کہ مبادا لشکر عظیم کے نکلجانیسے مرتد لوگ دلیر ہوکر مدینہ کو تباہ کرین حضرت ابو بکر صدیق رضہ نے اس مصلحت کو پسند نکیا اور فرمایا کہ ہم اگر جانین کہ بسبب روانہ کرنے لشکر اسامہ کے مدینہ مین ہمکو حیوانات درندہ پہاڑ کہا دین گی تو بہی خلاف کرنا فرمان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا جائز نرکہون انتہے اور بلال بن عبد اللہ بن عمر رضہ نے جدا جانی کیا مصلحت سمجہکر کہا تہا کہ ہم عورتون کو مسجدون سی منع کرین کے جسپر حضرت عبد اللہ ابن عمر رضہ نی اونکو بہت برا کہا اور تمام عمر اونسے کلام نکیا چنانچہ مشکوۃ کے باب الجماعۃ مین ہے عن بلال بن عبد اللہ بن عمر عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا تمنعوا النساء حظوظهن من المساجد اذا استاذنکم فقال بلال واللہ لنمنعهن فقال لہ عبد اللہ اقول قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وتقول انت لنمنعهن وفی روایۃ عن سالم عن ابیہ قال فاقبل علیہ عبد اللہ فسبہ سبا ما سمعتہ سبہ مثلہ وقال اخبرک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتقول واللہ لنمنعهن رواہ مسلم وعن مجاہد عن عبد اللہ بن عمر ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال لا یمنعن رجل اہلہ ان یاتوا المساجد فقال ابن لعبد اللہ بن عمر فانا نمنعهن فقال عبد اللہ احدثک عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وتقول ہذا فما کلمہ عبد اللہ حتے مات رواہ احمد لیس کل موہم مصلحتے اور پہنچا ہتی وغیرہ مین استخارہ مسنون اور مشورہ علما رد بیدار ہمیں

دور اندیشی کا اور نفسانیت سے الگ درنیت بخیر ہونا اور استمداد دینی
کرنا نہایت ہی ضرور ہے مبادا کہ مصداق اس آیۂ کریمہ کے ہو جاویں و
زین لہم الشیطان اعمالہم اور ہر کسیکو ہچہاتی رہنا چاہیے کہ حدیث نبوی
کو ہر کسیکے قول اور فعل پہ مقدم رکہین اور جو کوئی کسی امر مسنون کو ادا
کری اوسکو برا نجانین اگرچہ انکے نزدیک اتبک اوس امر کا مسنون ہونا
ثابت نہوا ہو اللہم ارنا الحق حقا وارزقنا اتباعہ ونعوذ باللہ من شرور
انفسنا ومن سیات اعمالنا ٥ کیا تجہی کہون حدیث کیا ہے ؛ وہ دانۂ
فیض مصطفا ہے ؛ صوفی فاضل حکیم دینی ؛ کرتے رہے ہیں اپنی خوشہ چینی
بابا کی یہان سی کون لایا ؛ جسنے پایا یہین سی پایا ؛ بالفرض فلان
تہا مرد کامل ؛ اوسنی تہا کیا کہان سی حاصل ؛ وہ بہی اسی در کا اک
گدا تہا ؛ گو غوث و امام و مقتدا تہا ؛ جب اصل ملی تو نقل کیا ہے
یہان وہم وگمان کو دخل کیا ہے ؛ اب زیادہ نکر تو تجہسے کل کل
خورشید سے آگے کیا ہے مشعل ؛ ملفوظ بہت ہین تو ان دیکہے ؛ ملفوظ
محمدی کو اب لی ؛ مسئلہ چار مذہب مشہورہ کے سوای کسی اور امام
اہل سنت کے قول پر عمل جائز ہے یا نہین جواب اگر روایت بنقل
صحیح ملے تو جائز ہے عف امام مجتہد جو ہو کوئی من ائمہ اربعہ سے
پہلے اور اونکے ہمعصر بہے اور اونکی بعد بہی لیکن کسیکے مذہب کی
روایتین بنقل صحیح محفوظ نہین ہین مگر شاذ ونادر اسواسطے بعض
علما سوای ان چارون کی اورکی تقلید ہی منع کرتے ہین یہانتک کہ
بعضون نے یون لکہہ دیا ہے ومن کان خارجا من ہذہ المذاہب الاربعۃ
فہو من اہل النار اور تنویر الحق مین اشباہ اور تحریر سے اس امر

سلہ اردو تحقیق ... الانبیاء دین

... مین سی ...

۱۴۹

ع نقل کیا ہے اور تفسیر مظہری میں ہی ثم لم یبق فی فروع المسائل
ہذہ المذاہب الاربعۃ فقد انعقد الاجماع المرکب علی بطلان قول
ت کلہم الخ لیکن بموجب قاعدہ اصول کی اجماع کی واسطے بسیط ہو
رکب شرط ہے اتفاق مجتہدوں کا بیچ زمانہ واحد کی اور یہہ چاروں
رات سب کی سب ایک وقت میں نہیں ہوئی تو شاید اجماع سے
مو اتفاق ایک جماعت علما کا چنانچہ شرح مسلم میں ہے بل الذی
ن مختارا عند احد و یکون الجماعۃ متفقین علیہ یقال اجمع المحققون علی
التقی کذا فی صیانۃ الاناس اور معیار میں تنقیح سے نقل کیا ہے الرکن
ت الاجماع وہو اتفاق المجتہدین من امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فی
ر علی حکم شرعی اور مسلم وغیرہ میں ہے اذا لم یتجاوز اہل العصر علی
ین فی مسئلۃ لم یجز احداث ثالث وخصہ بعض الحنفیۃ بالصحابۃ و
ز عند طائفۃ مطلقا الخ شرح تحریر تصنیف بحر العلوم میں ہے واما المجتہدون
ین اتبعوہم باحسان فکلہم سواء فی صلوح التقلید بہم فان وصل فتوی
یان بن عیینۃ او مالک بن دینار یجوز الاخذ بہ کما یجوز الاخذ بفتوی
ئمۃ الاربعۃ الا انہ لم یبق عن الائمۃ الآخرین نقل صحیح الا اقل القلیل و
نع من منع من التقلید ایاہم فان وجد نقل صحیح منہم فی مسئلۃ فالعمل
العمل بفتوی الائمۃ الاربعۃ سواء اور ایسا ہی مضمون ہے شرح مسلم میں
فرمایا مولانا نظام الدین لکہنوی نے شرح مسلم میں علم ان بعض المتعصبین
وا اختتم الاجتہاد المطلق علی الائمۃ الاربعۃ ولم یوجد مجتہد مطلق بعدہم
الاجتہاد فی المذہب اختتم علی العلامۃ النسفی صاحب الکنز ولم یوجد
مجتہد فی المذہب بعدہ وہذا خلط رجم بالغیب فان سئل من این علمتم ذلک

لا یقدرون علی ایراد دلیل اصلا ثم ہو اخبار بالغیب وتحکم علی قدرۃ الله
فمن این یحصل علم ان لا یوجد الی یوم القیامۃ احد یتفضل الله علیه
مقام الاجتہاد فاجتنب عن مثل ہذہ التعصبات انتہی اور الیسا ہی
فرمایا بحر العلوم نے شرح مسلم میں اور یہ ہے فرمایا اونکے حق میں
جواب مجتہد کا ہونا جائز نہیں رکھتے اختو نہیں علم فضلوا واضلوا
ان ہذا اخبار بالغیب فی خمس لا یعلمہن الا الله انتہی مختصرا کذا فی
قال السیوطی فی رسالتہ نقل المزنی عن الشافعی انہ نہی عن تقلیدہ و
تقلید غیرہ ولا شک انہ لا یمکن نہی الخلق بأسرہم عن التقلید لا
یجوز لہم التقلید بالاجماع وانما نہی الشافعی ان یطیق اہل العصر کلہم علی
لان فیہ تعطیل فرض من فروض الکفایات وہو الاجتہاد وتحت الله
لیکون فی کل عصر من یقوم بہذہ الفرض الخ اور فرمایا
نے بیچ کتاب اصول کے وقد حرم الفقہاء فی زماننا النظر فی کتب
والآثار والبحث فی فقہہا ومعانیہا ومطالعۃ الکتب النفیسۃ
فی شروحہا وغیرہا بل قنعوا بما نہم وعمرہم فی النظر فی اقوال
متاخری الفقہاء وترکوا النظر فی نصوص نبیہم المعصوم من الخطاء
علیہ وسلم وآثار الصحابۃ الذین شہدوا الوحی وعاینوا المصطفی صلی
علیہ وسلم وفہموا المقاییس الشرعیۃ فلا جرم حرم ہولاء رتبۃ الاجتہاد
مقلدین علی الآباء وقد کانت العلماء فی الصدر الاول معذورین
ترک ما لم یقفوا علیہ من الحدیث لکون الحدیث لم یکن حینئذ فیما
انما کانت تلتقی من افواہ العلماء وہم متفرقون بالبلدان وقد زال
العذر ولله الحمد بجمع الاحادیث المجتمع بہا فی کتب تو دوہا وقسموہا۔

150

۱۵۱

وبیّنوا ضعف کثیر منہا وصحتہ وتکلموا فی عدالۃ الرجال وجرح المجروح منہم و
العلل للاحادیث ولم یدعوا المستعمل مما یشتغل بہ وفسروا القرآن وتکلموا
فی غریبہا وفقہہا وکل ما یتعلق بہا فی مصنفات عدیدۃ جلیلۃ والاتفاقیات
لمن طلب صادق وذکاء وفطانۃ وکذا اللغۃ وصناعۃ العربیۃ وکل
فن قد حرّرہ اہلہ وحققوہ فالتوصل الی الاجتہاد بعد التبحر والنظر
فی الکتب المتداولۃ اذا رُزق الانسان الحفظ والفہم ومعرفۃ اللسان
اسہل منہ قبل ذلک الخ کذا فی الرسالۃ المدراسیۃ اور صیانۃ الانسان
